https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC Certified | کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیرالاشاعت روزنامہ

روزنامہ Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta

بلوچستان آبزرور کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | بدھ 24 جون 2026ء | 8 محرمؑ 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 84

dailybalochistanobserver@gmail.com

نوجوانوں کو جدید علوم سے آراستہ کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، سرفراز بگٹی

بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید علوم سے آراستہ کرنا صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس مقصد کے حصول میں کسی قسم کی تاخیر یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی

صوبائی حکومت اعلیٰ تعلیم کے فروغ، جامعات کی استعدادکار میں بہتری اور طلبہ کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیمی سہولیات کی فراہمی کیلئے عملی اور مؤثر اقدامات پر یقین رکھتی ہے‘وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ(خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت اعلیٰ تعلیم کے فروغ، جامعات کی استعدادکار میں بہتری اور طلبہ کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیمی سہولیات کی فراہمی کیلئے عملی اور مؤثر اقدامات پر یقین رکھتی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونیورسٹی آف مکران پنجگور کے شعبہ کمپیوٹر سائنسز کو درپیش مسائل کے حل اور تدریسی معیار کی بہتری سے متعلق منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں شعبہ کمپیوٹر سائنسز کے فوری اور مستقل حل کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے اجلاس میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات زاہد سلیم، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن محمد صالح (بقیہ 4صفحہ 3پر)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف قومی اسمبلی کے بجٹ اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

خفیہ ڈیل نہیں ہوئی سب معاہدے میں شامل ہے، پاکستان کا کوئی ذاتی مفاد نہیں، اسحاق ڈار

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیرِ خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ یہ تاثر غلط ہے کہ پس پردہ کوئی خفیہ ڈیل (بقیہ 28صفحہ 3پر)

ڈیجیٹل پاکستان-8لاکھ سے زائد نوجوانوں کی وزیراعظم ڈیجیٹل یوتھ ہب میں شمولیت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے یوتھ پروگرام کے تحت قائم کردہ پاکستان کا پہلا قومی ڈیجیٹل یوتھ پلیٹ (بقیہ 29صفحہ 3پر)

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ایرانی صدر مسعود پزشکیان کی ملاقات، امن اقدامات پر تبادلہ خیال

ایرانی صدر نے مذاکرات کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری اور ذمہ دارانہ کردار کو سراہا

راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے ملاقات کی جس میں خطے میں امن اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ ایرانی صدر نے (بقیہ 2صفحہ 3پر)

خواتین سفارتکاروں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں‘ صدر زرداری

پاکستان میں خواتین کی سفارتکاری اور قومی زندگی میں خدمات کی ایک درخشاں روایت موجود ہے‘صدر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ خواتین سفارتکاروں کے عالمی دن کے موقع پر ہم ان خواتین کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں (بقیہ 3صفحہ 3پر)

چمن بارڈر ون ڈاکومنٹ پالیسی کا نفاذ، 500 نوجوانوں کو بیرون ملک روزگار کی فراہمی کا فیصلہ

بلوچستان حکومت کے اقدام سے بیرون ملک ملازمتوں کے ذریعے معاشی مشکلات میں کمی آئے گی

بارڈر کی بندش سے بے روزگار ہونے والے نوجوان اب بیرون ملک روزگار حاصل کرسکیں گے

چمن (این این آئی) حکومت بلوچستان نے ون ڈاکومنٹ پالیسی کے نفاذ کے بعد 500 بے روزگار نوجوانوں کو بیرون ملک روزگار فراہم کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق چمن بارڈر کی بندش سے بے روزگار ہونے والے نوجوان اب بیرون ملک روزگار حاصل کرسکیں گے، بارڈر بندش سے متاثرہ شہریوں کے لیے ریلیف کے طور پر حکومت بلوچستان پہلے ہی 5ہزار مفت پاسپورٹس جاری کر چکی ہے۔ مزدور (بقیہ 1صفحہ 3پر)

دنیا میں دہرا معیار نہیں ہونا چاہیے بیلسٹک میزائل کا معاملہ مذاکرات کی میز پر نہیں تھا، شہباز شریف

ایران جلد ایک بڑی معیشت بنے گا، ایران کی کامیابی ہماری کامیابی ہے، ناکامی ہماری ناکامی ہے، پاکستان امن مذاکرات میں اعتماد کرنے پر ایرانی قیادت کا شکر گزار رہے گا،

، پاکستان صرف ہمارا ہمسایہ ہی نہیں یہ ہمارا بھائی اور عزیز دوست ہے، دونوں ممالک مشترکہ مستقبل اور منزل کے شراکت دار ہیں، حکومت اور ایرانی عوام پاکستانی حکومت اور عوام کی حمایت پر شکرگزار ہے، ایرانی صدر مسعود پزشکیان

اسلام آباد(این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ بیلسٹک میزائل کے حوالے بلاخوف کہوں گا کہ بیلسٹک میزائل کا معاملہ مذاکرات کی میز پر نہیں تھا، دنیا میں دہرا معیار نہیں ہونا چاہیے، ہم ایران کیساتھ ہر شعبے میں تعاون کو فروغ دیں گے، ایران جلد ایک بڑی معیشت بنے گا، ایران کی کامیابی ہماری کامیابی ہے، ایران کی ناکامی ہماری ناکامی ہے، پاکستان امن مذاکرات میں اعتماد کرنے پر ایرانی قیادت کا شکرگزار رہے گا، ہم نے الحمدللہ یہ امن مذاکرات پورے خلوص نیت سے کروائے، یہ کامیابی دوست ملکوں کی حمایت کے بغیر حاصل نہیں کی جاسکتی تھی،، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے غیر متزلزل عزم، انتھک محنت سے یہ تاریخی کامیابی حاصل ہوئی ہے جبکہ ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ پاکستان اور ایران کے درمیان قریبی تعلقات منفرد نوعیت کے حامل ہیں،، تہران اسلام آباد کے تعلقات مضبوط ہوں گے، پاکستان صرف (بقیہ 5صفحہ 3پر)

پاکستان اور ایران کا زرعی تجارت میں تیزی اور دوطرفہ تعاون کے فروغ پر اتفاق

ایرانی منڈی کو اعلیٰ معیار کی زرعی مصنوعات فراہم کرنے کی مکمل استعداد رکھتا ہے

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے ایران کے وزیر جہادِ زراعت غلام رضا نوری قزلجہ کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں دونوں ممالک کے درمیان زرعی تعاون کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اور باہمی تجارت کے فروغ کے لیے نئی راہوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں زراعت، لائیو اسٹاک، غذائی (بقیہ 7صفحہ 3پر)

ماہ نور بلوچ جیسے ہونہار طلبہ و طالبات صوبے کا روشن مستقبل ہیں‘ وزیراعلیٰ بلوچستان

وزیراعلیٰ سے سی ایس ایس امتحان میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنیوالی ہونہار طالبہ ماہ نور بلوچ کی ملاقات

کوئٹہ(خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے منگل کے روز یہاں صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز، اراکین صوبائی اسمبلی، حکومتی عہدیداران اور مختلف سیاسی و سماجی شخصیات نے علیحدہ علیحدہ ملاقات کی جس میں صوبے کی مجموعی سیاسی صورتحال، ترقیاتی منصوبوں کی رفتار، عوامی مسائل کے حل اور گڈ گورننس کے فروغ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کرنے والوں میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، صوبائی وزیر انڈسٹریز سردار (بقیہ 6صفحہ 3پر)

ایرانی صدر کو کالج آف فزیشن اینڈ سرجری کی جانب سے اعزازی ڈگری سے نوازا گیا

اسلام آباد(این این آئی)ایرانی صدر مسعود پزشکیان کو کالج آف فزیشن اینڈ سرجری پاکستان (سی پی ایس سی) کی جانب سے اعزازی فیلوشپ ڈگری سے نوازا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ایرانی صدر مسعود پزشکیان کو پاکستان کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز کی (بقیہ 9صفحہ 3پر)

مذاکرات خطے میں مستقل امن کا باعث بنیں گے، صدر زرداری سے مسعود پزشکیان کی ملاقات

علاقائی و عالمی چیلنجز کے پائیدار اور دیرپا حل کیلئے مکالمے اور سفارتکاری کی حمایت کرتے ہیں

ملاقات میں پاک ایران تعلقات، علاقائی امن کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ‘صدر زرداری کی اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہونے پر صدر پزشکیان کو مبارکباد

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان اور ایران نے دوطرفہ تعلقات، علاقائی امن کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ منگل کو ایرانی صدر مسعود پزشکیان وفد کے ہمراہ ایوان صدر پہنچے جہاں آصف علی زرداری نے معزز مہمان کا استقبال کیا، اس موقع پر خاتون اول آصفہ بھٹو، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور وزیر داخلہ محسن نقوی جبکہ ملاقات میں ایرانی وفد میں وزیر خارجہ، وزیر داخلہ سمیت دیگر (بقیہ 8صفحہ 3پر)

راولپنڈی، صدر پاکستان آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کا نور خان ایئربیس پر استقبال کررہے ہیں

قوموں کی تعمیر عمارتوں سے نہیں، تعلیم یافتہ نوجوانوں سے ہوتی ہے‘ احسن اقبال

وفاقی وزیر کا یونیورسٹی آف نارووال کے طالبعلم کی بین الاقوامی کامیابی پر اظہارِ مسرت

نارووال(این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ قوموں کی اصل تعمیر سڑکوں اور عمارتوں سے نہیں بلکہ تعلیم یافتہ (بقیہ 10صفحہ 3پر)

جج کی نیت صرف اللہ جانتا ہے، ہمیں اس طرف نہ لے کر جائیں بے ایمان لکھ دیں، سپریم کورٹ

اگر عدالت خود ہی بروقت تصحیح کر لیتی تو معاملہ سپریم کورٹ تک نہ پہنچتا، جسٹس جمال مندوخیل

اسلام آباد(این این آئی) سپریم کورٹ کے جسٹس جمال مندوخیل نے کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیے ہیں کہ جج کی نیت صرف اللہ جانتا ہے، ہمیں اس طرف نہ لے کر جائیں کہ بے ایمان لکھ دیں۔ منگل کو سپریم کورٹ میں نایاب عمرانی کی بہن صنم عمرانی قتل کیس میں گواہوں کو غلط ریکارڈ کرنے کے معاملے پر درخواست پر سماعت ہوئی سماعت کے دوران (بقیہ 14صفحہ 3پر)

وزیراعظم کی محمود اچکزئی کو الیکشن 2018 سے تحقیقات کی پیشکش

اسلام آباد(این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی کو الیکشن 2018 سے تحقیقات کی پیشکش کی ہے۔ منگل کو قومی اسمبلی اجلاس سے خطاب (بقیہ 11صفحہ 3پر)

احسن اقبال سے ازبکستان کے سفیر علی شیر تختائیف کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرِ منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال سے جمہوریہ ازبکستان کے پاکستان میں سفیر علی شیر تختائیف نے منگل (بقیہ 13صفحہ 3پر)

پاکستان اور ایران کی پائیدار دوستی، علاقائی امن، ترقی اور مشترکہ خوشحالی کی ضمانت ہے‘ طارق فضل

پاکستان اور ایران گہرے مذہبی، تاریخی، ثقافتی اور برادرانہ تعلقات سے جڑے ہوئے ہیں، ڈاکٹر چوہدری

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان اور ایران گہرے مذہبی، تاریخی، ثقافتی اور برادرانہ تعلقات سے جڑے ہوئے ہیں، مجھے یقین ہے کہ یہ دورہ دوطرفہ تعاون کو مضبوط کرنے، اقتصادی روابط کو وسعت (بقیہ 15صفحہ 3پر)

چائنا آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور جدید ٹیکنالوجی میں بہت وسیع علم و تجربہ رکھتا ہے، جعفر مندوخیل

چائنا آرٹیفیشل انٹلی جنس اور جدید ٹیکنالوجی میں بہت وسیع علم و تجربہ رکھتا ہے

ہم پاکستان اور بلوچستان کے روشن مستقبل کے حوالے سے زیادہ پرامید ہیں‘ گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہم پاکستان اور بلوچستان کے روشن مستقبل کے حوالے سے زیادہ پرامید ہیں۔ گوادر پورٹ کی حقیقی ترقی اور فعالیت ایک خاموش معاشی انقلاب بن کر ابھرے گا۔ گوادر پورٹ ایک ایسا گیٹ وے ہے جو پاکستان کو عالمی اقتصادی اور تجارتی سرگرمیوں کے عالمی مرکز میں بدل دیگا۔ سینٹرل ایشیا سے لیکر جنوبی ایشیا تک اور پورے مشرق وسطیٰ میں (بقیہ 12صفحہ 3پر)

پاکستان اور ایران مشترکہ ترقی اور مستقبل کیلئے مل کر آگے بڑھیں گے، شہباز شریف

ایران ترقی کی نئی منازل طے کرے گا، وزیراعظم کی ایرانی صدر سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد(این این آئی)وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے امریکا اور ایران کے مابین ثالثی کیلئے ایران کے اعتماد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان امن اور خوشحالی کے لئے اپنا اہم کردار جاری رکھے گا، ایران ترقی کی نئی منازل طے کرے گا، مشترکہ ترقی اور مستقبل کے لئے مل کر آگے بڑھیں گے، مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم کریں گے، (بقیہ 16صفحہ 3پر)

پاکستانی خواتین سفارت کار عالمی سطح پر ملک کے مثبت تشخص کو مضبوط بنانے میں معاون ہیں، آصفہ بھٹو زرداری

پاکستانی خواتین کی متعدد نسلوں نے عوامی خدمت اور بین الاقوامی امور کے میدان میں دیرپا چھاپ چھوڑی ہے

اسلام آباد (این این آئی) خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پاکستانی خواتین سفارت کار عالمی سطح پر ملک کے مثبت تشخص کو مضبوط بنانے میں معاون ہیں۔ خواتین سفارت کاروں کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ خواتین سفارت کاروں کے عالمی دن کے موقع پر میں اُن خواتین کو خراج تحسین پیش کرتی ہوں جنہوں نے اقوام کے درمیان باہمی فہم، (بقیہ 17صفحہ 3پر)

جعفر آباد سے تعلق رکھنے والے گورنمنٹ کنٹریکٹر کو تین محافظوں سمیت قلات کے قریب سے اغواء کرلیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جعفر آباد سے تعلق رکھنے والے گورنمنٹ (بقیہ 18صفحہ 3پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو ملاقات کررہے ہیں

عالمی برادری کو تنازعات کے حل کیلئے مذاکرات اور سفارتکاری کو ترجیح دینی چاہیے، سیدال ناصر

مسلح افواج قومی سلامتی، استحکام اور ملکی خودمختاری کے تحفظ میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہیں

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے سینیٹرز، اراکین اسمبلی اور مختلف مکاتبِ فکر کے نمائندوں کی ملاقاتیں

کوئٹہ /اسلام آباد(این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے سینیٹر محمد طلحہ محمود، سینیٹر رانا محمود الحسن، صوبہ سندھ سے رکن صوبائی اسمبلی راجا خان جاکھرانی اور مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے ملاقات کی۔ ملاقاتوں میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، خطے میں امن و استحکام، ایران اور امریکہ کے درمیان سوئٹزرلینڈ میں جاری سفارتی رابطوں اور مذاکرات سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی (بقیہ 25صفحہ 3پر)

صاف پانی، بہتر بنیادی سہولیات اور پُرامن ماحول حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، سردار کھیتران

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور امن و امان کے قیام کے لیے اقدامات کو مزید تیز کیا جائے گا

صوبائی وزیر پی ایچ ای سے رکن صوبائی اسمبلی میر اسداللہ بلوچ کی ملاقات‘ عوامی مسائل، ترقیاتی منصوبوں، پینے کے صاف پانی کی فراہمی اور صوبے میں امن وامان کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

کوئٹہ(این این آئی) صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمٰن کھیتران سے بی این پی عوامی کے رکن صوبائی اسمبلی میر اسداللہ بلوچ کی ملاقات جس میں عوامی مسائل، ترقیاتی منصوبوں، پینے کے صاف پانی کی فراہمی اور صوبے میں امن وامان کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران عوامی فلاح و بہبود کے جاری منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اور اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور امن وامان کے قیام کے لیے اقدامات کو مزید تیز کیا جائے گا۔ دونوں رہنماؤں نے عوام کو درپیش مسائل کے حل، ترقیاتی اسکیموں کی (بقیہ 19صفحہ 3پر)

کیم جولائی سے پاسپورٹ دفاتر میں نقد فیس وصولی کا نظام ختم، ڈیجیٹل ادائیگی کرنی ہوگی

اسلام آباد(این این آئی) یکم جولائی 2026 سے تمام پاسپورٹ دفاتر میں نقد فیس وصولی کا نظام ختم کردیا جائے گا اور پاسپورٹ فیس ڈیجیٹل ذرائع سے ادا کرنی ہوگی۔

اویس لغاری کو ڈورنیئر گروپ اور ای وائی پارتھینن کی تیار کردہ بینک ایبل فزیبلٹی اسٹڈی پیش

درآمدی کوئلے کو مقامی تھر کوئلے سے تبدیل کرنے پر پاکستان کو 3.239 بلین ڈالر کا فائدہ ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری کو ڈورنیئر گروپ اور ای وائی پارتھینن کی تیار کردہ بینک ایبل فزیبلٹی اسٹڈی پیش کی گئی۔ اس اسٹڈی (بقیہ 32صفحہ 3پر)

بجٹ سازی کے عمل کی تکمیل کے بعد توجہ پالیسی سازی سے آگے بڑھ کر اس کے موثر نفاذ پر مرکوز ہوگی، خرم شہزاد

بجٹ سازی کا عمل اختتام کو پہنچ چکا ہے، ہماری توجہ پالیسی سازی سے آگے بڑھ کر اس کے موثر نفاذ پر مرکوز ہوگی، مشیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرخزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے (بقیہ 26صفحہ 3پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ ملاقات کررہے ہیں

ایران کا شہید سپریم لیڈر علی خامنہ ای کی تدفین کیلئے 3 روزہ تعطیل کا اعلان

تہران (این این آئی) ایران کی حکومت نے شہید سپریم لیڈر سید علی خامنہ ای کی تدفین کی تقاریب کے سلسلے میں (بقیہ 30صفحہ 3پر)

حکومت کے ڈھائی سال پورے ہونے کو ہیں اب ہمیں اپنا ٹون بدلنا ہوگا، محمود اچکزئی

انگریز دور سے ہے کہ بوڑھے شہریوں کو قید سے چھوٹ دیتے تھے، آپ یہاں ستر ستر سال کے بوڑھے کو دو سو ستر سال سزا دے رہے ہیں

صوبوں سے پیسے مانگنا ناجائز مطالبہ ہے، سیاسی مسائل کا حل سیاسی طریقے سے ہی نکلنا چاہیے‘ قائد حزب اختلاف

اسلام آباد(این این آئی) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ پاکستان کا مطلب بلوچستان اور خیبر پختونخوا سمیت ہر علاقہ ہے، وزیراعظم شہباز شریف آزاد کشمیر میں ایک وفد بھیجیں جو جا کر بات کرے، آپ پارلیمان کو مضبوط کرکے پاکستان کے سب سے طاقتور وزیراعظم بن جائیں۔ قومی اسمبلی کے اجلاس میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی اظہار خیال کرتے ہوئے قائد حزب اختلاف (بقیہ 20صفحہ 3پر)

دفتر خارجہ کی قطری گیس فیسلٹی میں پاکستانی کے جاں بحق ہونے کی تصدیق

دفتر خارجہ (این این آئی) دفتر خارجہ کے ترجمان نے قطر کے راس لفن گیس فیسلٹی میں دھماکے میں ایک پاکستانی کے جاں (بقیہ 31صفحہ 3پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے کراچی میں چائنا کے قائمقام قونصل جنرل Mr Feng Deheng ملاقات کررہے ہیں

عوامی آواز کو دبایا اور وسائل و اختیارات سے محروم رکھا جا رہا ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

بلوچستان میں بدامنی کی بنیادی وجوہات بے روزگاری، بدعنوانی، جائز انسانی معاشی حقوق سے محرومی اور انصاف کی عدم فراہمی ہیں

بلوچستان میں لگی آگ کو انصاف حقوق وسائل روزگار اختیارات کی فراہمی سے بجھایا جاسکتا ہے، امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے

کوئٹہ(این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ اور صبغت اللہ شاہ کے خلاف آنے والا عدالتی فیصلہ انصاف کے تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں جس پر ہم شدید تشویش کا اظہار کرتے ہیں۔ بلوچستان میں لگی آگ کو انصاف حقوق وسائل روزگار اختیارات کی فراہمی سے بجھایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کوئٹہ میں مختلف وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو (بقیہ 27صفحہ 3پر)

صوبوں کا وفاق کی مالی معاونت کرنا آئینی معاملہ ہے، بیرسٹر گوہر

وفاق کو چاہیے اپنا ریونیو جنریشن بڑھائے اور شاہ خرچیاں ختم کرے

راولپنڈی (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ صوبوں کا وفاق کی مالی معاونت کرنا آئینی معاملہ ہے۔ راولپنڈی اڈیالہ روڈ پر میڈیا (بقیہ 21صفحہ 3پر)

چینی کمپنی کا پاکستان میں سرمایہ کاری اور تعاون بڑھانے کا عندیہ

کمپنی پاکستان میں چاول کی جدید پراسیسنگ ٹیکنالوجی متعارف کرانے کیلئے پرعزم

بیجنگ (این این آئی) چینی آپٹیکل سورٹنگ آلات بنانے والی کمپنی اینی (بقیہ 22صفحہ 3پر)

فنانس بل پر حکومت اور اپوزیشن کے درمیان لفظی گولہ باری

امیر طبقے کو ٹیکس میں ریلیف دیا جا رہا ہے جبکہ غریب عوام کو مزید ٹیکسوں کے بوجھ تلے دبایا جا رہا ہے

خواجہ آصف نے آئی پی پیز معاہدوں اور حکومتی موقف پیش کیا، بیرسٹر گوہر نے بجٹ کو کاروبار دشمن قرار دے دیا

اسلام آباد(این این آئی) قومی اسمبلی کے بجٹ اجلاس میں فنانس بل پر حکومت اور اپوزیشن کے درمیان سخت جملوں کا تبادلہ ہوا، خواجہ آصف نے آئی پی پیز معاہدوں اور بجلی کے شعبے میں اصلاحات پر حکومتی موقف پیش کیا جبکہ بیرسٹر گوہر نے بجٹ کو سرمایہ کاری اور کاروبار دشمن قرار دیا، دوسری جانب اسپیکر ایاز صادق نے آئین شکنی کے الزامات کا جواب دیا جبکہ اپوزیشن کے بعض ارکان ایوان سے واک آؤٹ بھی (بقیہ 23صفحہ 3پر)

مقبوضہ کشمیر کے عوام اور مہاجرین کی قربانیوں کو کم تر سمجھنا کشمیر کے مقصد کی نفی کے مترادف ہے، خواجہ آصف

آزاد کشمیر سے پاکستان کے خلاف اٹھنے والی بیرونی اور منفی ایجنڈے سے متاثر آوازوں کا سختی سے جواب دیا جانا چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر سے پاکستان کے خلاف اٹھنے والی بیرونی اور منفی ایجنڈے سے متاثر آوازوں کا سختی سے جواب دیا جانا چاہیے، مقبوضہ کشمیر کے عوام اور مہاجرین کی قربانیوں کو کم تر سمجھنا کشمیر کے مقصد کی نفی کے مترادف ہے۔ منگل کو سوشل میڈیا ایکس پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ میرے آزاد جموں و کشمیر کے بحران سے متعلق ریمارکس صاف گوئی اور دیانتدارانہ تھے، جن لوگوں کے خفیہ اور (بقیہ 33صفحہ 3پر)

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، سیکرٹری ایجوکیشن اسکولز لعل جان جعفر و دیگر بلوچستان ایجوکیشن سپورٹ پروگرام BES-II کی اختتامی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

اپوزیشن کی مشترکہ پارلیمانی پارٹی کا ہنگامی اجلاس

عمران خان کو درپیش صحت کے مسائل کے پیش نظر انہیں مناسب طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے

اسلام آباد(این این آئی)اپوزیشن کی مشترکہ پارلیمانی پارٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ملک کی موجودہ سیاسی، پارلیمانی اور معاشی صورتحال پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں اسپیکر قومی اسمبلی کی جانب سے اپوزیشن لیڈر کے حوالے سے دیے گئے نامناسب ریمارکس اور غیر جانبدارانہ طرزعمل کے خلاف متفقہ طور پر مذمتی قرارداد منظور کی گئی۔ اجلاس کے شرکاء نے کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی ایوان کے کسٹوڈین اور تمام اراکین کے محافظ ہوتے ہیں، اس لیے ان سے غیر جانبداری، تحمل اور (بقیہ 24صفحہ 3پر)

روزنامہ
Daily BALOCHISTAN Observer Quetta
بلوچستان آبزرور کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر
دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

امن معاہدہ سبوتاژ کرنے کی صہیونی سازش

امریکا اور ایران کے مابین پاکستان کی ثالثی میں ہونے والے امن معاہدے کو ناکام بنانے کے لیے غاصب صہیونی بھارت کے ساتھ گٹھ جوڑ کررہے ہیں۔ اس صورتحال سے پتا چلتا ہے کہ ناجائز صہیونی ریاست اور بھارت کو اس معاہدے سے تو مسئلہ ہے ہی لیکن اصل تکلیف اس بات کی ہے کہ پاکستان نے بطور ثالث یہ معاہدہ کرا کے ایک تاریخی سفارتی کامیابی حاصل کی ہے جو مذکورہ دونوں ممالک کو ہضم نہیں ہو رہی۔ اس سلسلے میں نئی دہلی میں تعینات اسرائیلی سفیر کی پاکستان کے خلاف ہرزہ سرائی معنی خیز ہے۔ ادھر، لبنان کے خلاف صہیونیوں کی جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزیاں بھی یہ واضح کر رہی ہیں کہ صہیونی شر پسند قیامِ امن کے خلاف ہیں اور وہ کسی بھی صورت جنگ بندی کے معاہدے کو قائم نہیں رہنے دینا چاہتے۔ اس حوالے سے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار کا ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ٹیلی فون پر رابطہ ہوا ہے جس میں دونوں رہنماؤں نے لبنان میں اسرائیلی جنگ بندی کی خلاف ورزیوں پر اظہارِ تشویش کیا۔ اب امریکی انتظامیہ کو بھی اس بات کا احساس ہو رہا ہے کہ صہیونی ہی مشرقِ وسطیٰ میں بدامنی پھیلانے کا باعث بن رہے ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور نائب صدر جے ڈی وینس کے بیانات سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ امریکی قیادت ناجائز صہیونی ریاست کے اقدامات اور بنیامین نیتن یاہو اور ان کی کابینہ میں شامل دیگر افراد کے بیانات سے نالاں ہیں۔ نائب صدر وینس نے تو دوٹوک الفاظ میں کہا ہے کہ اسرائیل کو حاصل ہتھیاروں کی قیمت امریکیوں کے ٹیکس سے ادا ہوئی۔ جو امریکی صدر کو مسئلہ سمجھتا ہے وہ خواب غفلت سے جاگے اور حقائق جانے۔ اسی طرح، فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون کا کہنا ہے کہ لبنان، غزہ اور مغربی کنارے میں اسرائیل کی فوجی حکمت عملی اس کے اپنے مفادات کے خلاف ہے کیونکہ یہ ناراضگی اور تشدد کو ہوا دے رہی ہے۔ امریکا اور یورپ کے قائدین کی طرف سے ایسے بیانات سامنے آنے کا مطلب یہ ہے کہ صورتحال میں ایک بڑی تبدیلی آچکی ہے لیکن ناجائز صہیونی ریاست کی تخریب کاری کو اس وقت تک قابو نہیں کیا جاسکتا جب تک مسلم ممالک متحد ہو کر اس سلسلے میں کوئی واضح موقف اختیار نہ کریں۔ اب وقت آگیا ہے کہ مسلم ممالک اس مسئلے کے مستقل حل کے لیے ایک پلیٹ فارم پر اٹھیں ورنہ ایک ایک کر کے سب کو صہیونیوں کی شرپسندی اور تخریب کاری کا سامنا کرنا پڑے گا

وزیراعظم نے تاریخ کا دھارا بدل دیا

تاریخ کا پہیہ جب اپنی پوری رفتار سے گھوم رہا ہو اور عالمی منظر نامے پر تیسری جنگِ عظیم کے مہیب بادل منڈلا رہے ہوں، تو دنیا کو مصلحت پسند سیاست دانوں کی نہیں بلکہ جرات مند اور وژنری رہنماؤں کی ضرورت ہوتی ہے۔ پچھلے چند ماہ کے دوران، مشرقِ وسطیٰ کی دھرتی جس بارود کے ڈھیر پر بیٹھی تھی، وہاں ایک چنگاری پورے کرہ ارض کو اپنی لپیٹ میں لینے کے لیے کافی تھی۔

ایران، اسرائیل اور امریکہ کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی، میزائلوں کی گرج چمک اور جنگی طیاروں کی پروازیں اس بات کا واضح ثبوت تھیں کہ دنیا تباہی کے دہانے پر کھڑی تھی۔ لیکن عین اس وقت، جب عالمی برادری مایوسی کا شکار تھی، پاکستان نے تاریخ کا دھارا بدل دیا۔ وزیراعظم شہباز شریف کی انتھک، خاموش اور غیر معمولی سفارت کاری اور پاکستان کی عسکری قیادت، فیلڈ مارشل عاصم منیر کی تزویراتی حکمتِ عملی نے وہ معجزہ کر دکھایا جس کی توقع عالمی ماہرین بھی نہیں کر رہے تھے۔ ایک ایسا تاریخی معاہدہ طے پا گیا جس نے نہ صرف مشرقِ وسطیٰ کو ایک ہولناک جنگ سے بچالیا بلکہ پاکستان کو عالمی امن کے سب سے بڑے ضامن کے طور پر ابھارا۔

ایران اور اسرائیل کے درمیان براہِ راست تصادم اور اس میں امریکہ کی ممکنہ شمولیت ایک ایسا منظر نامہ تھا جو عالمی معیشت، توانائی کی سپلائی لائنز اور اربوں انسانوں کی زندگیوں کو ملیا میٹ کر سکتا تھا۔ واشنگٹن سے لے کر تہران اور تل ابیب تک، ہر طرف جنگ کے نقارے بج رہے تھے۔ ایسے نازک موڑ پر وزیراعظم شہباز شریف نے یہ بھاری ذمہ داری اپنے کندھوں پر اٹھائی کہ پاکستان اب صرف تماشائی بن کر نہیں رہے گا، بلکہ امتِ مسلمہ اور عالمی امن کے وسیع تر مفاد میں اپنا متحرک کردار ادا کرے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے روایتی بیانات سے ہٹ کر 'ایکشن اورینٹڈ' سفارت کاری کا آغاز کیا۔ انہوں نے راتوں رات عالمی رہنماؤں سے رابطے کیے، تہران اور واشنگٹن کے درمیان بالواسطہ پیغامات کے تبادلے کیلئے پاکستان کو

اسداللہ غالب

ایک معتبر پل بنایا اور سفارتی دنیا کو یہ باور کرایا کہ اس جنگ کا کوئی فاتح نہیں ہوگا، بلکہ پوری انسانیت اس کی قیمت چکائے گی۔

اس پوری کامیابی کی کہانی فیلڈ مارشل عاصم منیر کی تزویراتی بصیرت اور عسکری سفارت کاری کے بغیر ادھوری ہے۔ جب معاملہ تہران اور واشنگٹن جیسے دارالحکومتوں کا ہو، تو وہاں صرف سیاسی بیانات کام نہیں آتے، بلکہ وہاں ریاست کی طاقت اور عسکری ساکھ کی ضرورت ہوتی ہے۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے اپنے روایتی تدبر اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے پسِ پردہ وہ کردار ادا کیا جس نے تعطل کو توڑا۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی مسلم ممالک اور مغربی طاقتوں کے مابین قائم ساکھ نے ایک ایسے وقت میں اعتماد بحال کیا جب دونوں فریقین ایک دوسرے پر بھروسہ کرنے کو تیار نہیں تھے۔ ان کی عسکری سفارت کاری نے تزویراتی غلط فہمیوں کو دور کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ پاکستان کی عسکری قیادت نے تہران کے عسکری حلقوں اور واشنگٹن کے پینٹاگون کے ساتھ براہِ راست رابطے قائم کیے۔ فیلڈ مارشل کی ان تھک کوششوں نے دونوں فریقین کو یہ سمجھنے پر مجبور کیا کہ جنگ کی صورت میں نقصانات کا تخمینہ کسی کے بس میں نہیں رہے گا۔ یہ ان کی غیر معمولی ساکھ اور اثر و رسوخ ہی تھا جس کی بدولت انتہائی خفیہ اور حساس نوعیت کے مذاکرات پاکستان کی میزبانی میں کامیابی سے ہمکنار ہوئے۔

اس مشترکہ سول ملٹری قیادت کی کاوشوں کا نتیجہ اس تاریخی معاہدے کی صورت میں نکلا جسے اب عالمی تاریخ میں "امن کا سنگِ میل" کہا جا رہا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی سیاسی فراست اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی سکیورٹی حکمتِ عملی نے ایران، اسرائیل اور امریکہ کو ایک ایسے نقطے پر لا کھڑا کیا جہاں گولیوں کی جگہ دلیل نے لے لی۔ اس معاہدے کے تحت نہ صرف فوری جنگ بندی کو یقینی بنایا گیا، بلکہ خطے میں پائیدار امن کے لیے ایک جامع فریم ورک پر بھی اتفاق ہوا۔ پاکستان نے اپنی غیر جانبدارانہ اور مخلصانہ پوزیشن کا استعمال کرتے ہوئے ایران کے سکیورٹی تحفظات کو بھی ایڈریس کروایا اور ساتھ ہی امریکہ اور اس کے اتحادیوں کو یہ یقین دہانی بھی دلائی کہ میزائل سازی اور کشیدگی کو مذاکرات کے ذریعے حل کیا جا سکتا ہے۔ یہ پاکستان کی تاریخ کی سب سے بڑی سفارتی کامیابی ہے جس نے دنیا کو ایک بہت بڑی تباہی سے بچالیا۔

اس تاریخی کامیابی پر نہ صرف مسلم امہ نے سکھ کا سانس لیا، بلکہ عالمی طاقتوں نے بھی پاکستان کے اس عظیم الشان کردار کا برملا اعتراف کیا۔ امریکی صدر نے وائٹ ہاؤس سے جاری اپنے خصوصی بیان اور وزیراعظم شہباز شریف کے ساتھ براہِ راست رابطے میں پاکستان کی قیادت کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ امریکی صدر نے اپنے خطاب میں واشگاف الفاظ میں کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت اور پاکستان کی عسکری بصیرت نے دنیا کو ایک ایسے بحران سے نکالا ہے جو عالمی امن کو تباہ کر سکتا تھا، اور پاکستان نے ثابت کر دیا کہ وہ عالمی سطح پر امن کا ایک ذمہ دار اور ناگزیر کردار ہے۔ یہ الفاظ صرف ایک ملک کی تعریف نہیں ہیں بلکہ یہ پاکستان کی سول اور عسکری قیادت کی اس مشترکہ حکمتِ عملی کی پزیرائی ہے جس نے عالمی سطح پر پاکستان کے وقار کو چار چاند لگا دیے ہیں۔ امریکی صدر کی جانب سے اس سطح پر پزیرائی پاکستان کی خارجہ پالیسی کی ایک بہت بڑی فتح ہے۔

اس تاریخی واقعے نے ایک بار پھر یہ ثابت کر دیا ہے کہ جب پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت ایک صفحے پر ہو، تو پاکستان دنیا کا ناممکن ترین کام بھی ممکن بنا سکتا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی حکومت کی سیاسی پختگی اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج کی تزویراتی طاقت نے مل کر ایک ایسی 'ٹیم پاکستان' تشکیل دی جس کا لوہا آج پوری دنیا مان رہی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے جس طرح معاشی محاذ پر ملک کو سنبھالا دیا، اسی طرح اب خارجہ محاذ پر بھی پاکستان کو عالمی سیاست کا مرکز و محور بنا دیا ہے۔ دوسری طرف، فیلڈ مارشل عاصم منیر نے دفاعِ وطن کے ساتھ ساتھ ملک کی خارجہ اور معاشی پالیسیوں کو جو تزویراتی تحفظ فراہم کیا ہے، وہ سنہری حروف سے لکھے جانے کے قابل ہے۔

اس معاہدے کے بعد اب دنیا پاکستان کو ایک نئے زاویے سے دیکھ رہی ہے۔ پاکستان اب صرف امداد لینے والا یا بحرانوں کا شکار ملک نہیں رہا، بلکہ وہ بحرانوں کو حل کرنے والا ایک 'گلوبل پیس میکر' بن کر ابھرا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی اس تاریخی کامیابی کے اثرات پاکستان کی معیشت اور عالمی ساکھ پر دیرپا ہوں گے۔

گم شدہ اقوام، اصل حقیقت اور وجوہات

محترم قارئین۔ تاریخ کے جھروکوں سے جھانکیں تو معلوم ہوتا ہے کہ زمان و مکان کے اُفق پر ابھرنے والی تہذیبیں اور قومیں ظاہری اسباب، بیرونی حملوں یا وسائل کی کمی سے نہیں بلکہ اپنے ہی اعمال، اخلاقی دیوالیہ پن اور ربانی قوانین کی کھلی سرکشی کے باعث صفحۂ ہستی سے مٹیں؛



یعنی باہر والا صرف قبر کھودتا ہے اور قومیں اپنے ہاتھوں سے موت کے پروانے پر دستخط کرتی ہیں۔ اگر ہم گم شدہ اور تباہ ہونے والی تاریخی و قرآنی اقوام کا تفصیلی پوسٹ مارٹم کریں تو روئے زمین پر مجموعی طور پر سات ایسی بڑی نافرمان اور مٹ جانے والی اقوام کے مستند شواہد، تفصیلی واقعات اور ان کی وجوہات سامنے آتی ہیں جن کی فائلیں اللہ رب العزت نے رہتی دنیا تک کے لیے نشانِ عبرت بنا کر کھول دی ہیں۔ ان میں سب سے پہلا نام 'قومِ نوحؑ' کا ہے، جنہیں ساڑھے نو سو سال تک سچائی کی دعوت دی گئی مگر انہوں نے شرک، جمود، ضد اور نسلی تکبر کو اپنا شعار بنایا، انہوں نے وقت کے پیغمبر اور ان کی صحرا میں بننے والی کشتی کا تمسخر اڑایا جس کی پاداش میں زمین کے چشمے ابل پڑے اور آسمان سے ہولناک بارش کے طوفان نے نوحؑ کے سگے بیٹے سمیت پوری قوم کو ہمیشہ کے لیے گہرے پانیوں میں غرق کر دیا۔ دوسری مٹ جانے والی قوم 'قومِ عاد' ہے، جنہیں اللہ نے بے پناہ جسمانی ساخت، غیر معمولی قد و قامت اور ستونوں والے عظیم الشان محل بنانے کی نعمت سے نوازا تھا، مگر طاقت کے نشے میں چور ہو کر وہ "ہم سے زیادہ طاقتور کون ہے" کا نعرہ لگانے لگے اور کمزوروں پر ظلم و استحصال کی انتہاء کر دی، چنانچہ ان کا یہ تکبر سات راتوں اور آٹھ روز تک چلنے والی ایک ایسی ہولناک، یخ بستہ اور چیختی ہوئی آندھی کی نذر ہوا جس نے ریت کے ذروں کو ان کے اجسام میں داخل کر کے انہیں کھجور کے کھوکھلے تنوں کی طرح اکھاڑ پھینکا۔ تیسری گم شدہ قوم 'قومِ ثمود' تھی، جن کے پاس پہاڑوں کو تراش کر عالی شان مکانات بنانے کی شاندار ٹیکنالوجی اور ہنرمندی موجود تھی، مگر انہوں نے اس نعمت کو خدا کا شکر گزار بننے کے بجائے اپنی ذاتی مہارت سمجھا، خدا کی نشانی یعنی صالحؑ کی اونٹنی کے پاؤں کاٹ کر اسے بے دردی سے قتل کیا اور وقت کے پیغمبر کے خلاف خفیہ سازشیں رچائیں، جس کے نتیجے میں ایک خوفناک، دل دہلا دینے والے صوتی دھماکے (صیحہ) اور لرزہ خیز چیخ نے ان کے دلوں کو پھاڑ دیا اور ان کے پہاڑی گھر ہی ان کی ابدی قبریں بن گئے۔ اسی تسلسل میں چوتھی تباہ ہونے والی قوم 'قومِ لوطؑ' ہے، جو بحیرہ مردار (Sea Dead) کے اردگرد سدوم کے علاقوں میں آباد تھی، یہ قوم تاریخ کی بدترین اخلاقی پستی، بے حیائی اور غیر فطری جنسی جرائم میں مبتلا ہو چکی تھی اور فواحش کو اپنا حق سمجھتی تھی، جس پر الٰہی غضب کا ایسا کوڑا برسا کہ جبرائیلؑ نے ان کی بستیوں کو زمین کی گہرائیوں سے اٹھا کر آسمان تک پہنچایا اور پھر انہیں الٹ کر رکھ دیا، ساتھ ہی ان پر پکی ہوئی مٹی کے پتھروں کی ہولناک بارش کر کے ان کا نام و نشان مٹا دیا۔ پانچویں مٹ جانے والی قوم 'قومِ شعیبؑ' (اہلِ مدین واصحاب الایکہ) ہے، جو ایک خوشحال تجارتی مرکز کے مالک تھے مگر ان کے اعمال میں ناپ تول میں کمی، تجارتی بددیانتی، ملاوٹ اور ڈاکے ڈالنا شامل ہو چکے تھے، انہوں نے معاشی انصاف کے اصولوں کو یکسر مسترد کر دیا، جس پر پہلے ان کا پورا علاقہ شدید حبس اور آگ برسانے والے گہرے بادلوں (عذابِ ظلہ) کے سائے میں آیا اور پھر زمین دوز زلزلے کے شدید جھٹکوں نے انہیں ان کے زرق برق مکانوں میں اوندھے منہ گرا کر ہلاک کر دیا۔ چھٹی مثال 'قومِ فرعون' اور آلِ قبط کی ہے، جو مصر کی زرخیزی، نیل کی نعمتوں اور طاقتور ریاستی مشینری کے گھمنڈ میں مبتلا تھی اور خود کو زمینی خدا سمجھ کر بنی اسرائیل کے بچوں کو ذبح اور عورتوں کو غلام بناتی تھی، انہوں نے سچ کے واضح دلائل اور معجزات کو جادو قرار دے کر مسترد کیا، جس کے بعد بحیرہ احمر کے پانیوں نے فرعون اور اس کے پورے لشکر کو ایک ہی لمحے میں نگل لیا۔ ساتویں اور آخری بڑی تاریخی قوم 'اصحاب الرس' اور 'قومِ تبع' کی ہے، جنہوں نے اپنے کنوؤں، باغات اور مادی وسائل کی فراوانی کے زعم میں انبیاء کو جھٹلایا، گڑھوں میں پھینک کر قتل کیا اور زمین پر فساد پھیلایا، جنہیں بتدریج ایسے غائبانہ عذابوں سے مٹایا گیا کہ آج ان کا صرف نام باقی ہے۔ ان تمام ساتوں گم شدہ اقوام کا اگر ایک منظّم اور مشترک الٰہی فارمولا دیکھا جائے تو وہ "نعمت، گھمنڈ، سچ کا انکار ابدی تباہی" ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی مادی ترقی، ہتھیاروں، تیل یا ٹیکنالوجی کی نعمت پا کر قومیں خود کو ناگزیر سمجھنے لگتی ہیں، حق کی آواز دباتی ہیں اور سچ بولنے والے دانشمندوں کو کردار یا میڈیاء سے قتل کرتی ہیں، تو قدرت کا اٹل قانون حرکت میں آتا ہے اور پھر وہ قومیں جغرافیے کے نقشے سے مٹ کر محض تاریخ کی گم شدہ فائلیں بن جاتی ہیں۔

☆☆☆☆

محبت اور دوستی

حبیب ابن مظاہر کون تھے
اور امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کربلا سے حبیب ابن مظاہر کے نام خط میں کیا لکھا تھا

حبیب ابن مظاہر حضرت علیؓ کے وفادار ساتھیوں میں سے تھے اور حضرت حسین کے سچے دوست بھی تھے حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کربلا کی تپتی زمین جہاں حق و باطل صف آرا تھے اپنے سچے اور وفادار دوست حبیب کے نام خط لکھا اس خط کا عنوان کچھ یوں تھا حبیب ابنِ مظاہر کو حسین ابن علیؑ کا سلام ہو حبیب تم ہمارے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے ہماری نسبت کو خوب جانتے ہو ہمیں کربلا میں دشمنوں نے گھیر لیا ہے والسلام حسین ابنِ علی بس اتنا لکھا اور اپنے قاصد کو حبیب ابن مظاہر کی طرف روانہ کر دیا قاصد خط لیکر حبیب ابنِ مظاہر کے دروازے پر پہنچا تو حبیب ابنِ مظاہر اس وقت اپنی زوجہ کے ساتھ کھانا تناول فرما رہے تھے دروازے پر دستک ہوئی تو وہی سے آواز دی پوچھا کون ہو تو قاصد نے کہا میں حسین ابنِ علی کا قاصد ہوں حبیب ابن مظاہر نے کھانا چھوڑا اور دروازے پر پہنچے قاصد کے ہاتھ کو بوسہ دیا خط لیا اور جب خط کو پڑھنا شروع کیا تو آنکھوں سے آنسوؤں رواں ہوگئے جسم کپکپانے لگا زوجہ نے پوچھا کیا لکھا ہے کیا لکھا ہے حسین ابنِ علی نے تو حبیب ابنِ مظاہر کہتے ہیں کربلا میں دشمنوں نے آلِ رسول کو گھیر لیا ہے انہوں

آمنہ بنت مسعود

نے مجھے مدد کے لیئے بلایا ہے تو زوجہ کہتی ہیں اب آپکا کیا ارادہ ہے تو آپ نے اپنی زوجہ کے ایمان اور محبت اہل بیت کا امتحان لینے کے لیئے کہا کہ تم تو جانتی ہو میری عمر پچھتر برس ہوگئی ہے میں ضعیف ہوگیا ہوں میں کیا مدد کرسکتا ہوں اتنے میں آپکی زوجہ نے اپنی چادر کو اوڑھ لیا حبیب ابنِ مظاہر نے پوچھا تم کہاں جارہی ہو پھر وہ کہنے لگی میں تو انکی مدد کو جاؤں گی کیونکہ وہاں زینب بھی تو ہوگی اللہ اکبر کبیرا حبیب ابن مظاہر کی آنکھوں میں آنسوؤں آگئے کہا کہ یہ کیسے ممکن ہے کہ آلِ رسول کو میری ضرورت پڑے حسین مجھے بلائیں اور میں نہ جاؤں اللہ اکبر کبیرا حبیب ابنِ مظاہر نے اپنے غلام کو ساتھ لیا گھوڑے کو اندھا دھند بھگایا اور دشوار گزار راستوں سے ہوتے ہوئے دشمنوں کی نظروں سے بچتے بچاتے آپ کربلا کی سرزمین پہنچ گئے ادھر دور سے گرد اٹھتی دکھائی دی ادھر امام حسینؑ نے عباس سے مخاطب ہو کر فرمایا عباس دیکھو میرا دوست حبیب ابنِ مظاہر پہنچ گیا ہے اللہ اکبر کبیرا حبیب ابن مظاہر نے امام حسینؑ کو گلے لگایا اتنے میں خیمے سے جناب فضا آتی ہے اور آکر کہتی ہیں حبیب ابنِ مظاہر آپکو بی بی زینبؑ سلام کہہ رہی ہیں اور یہ بھی کہہ رہی ہیں کہ آپ نے اپنی دوستی کا حق ادا کر دیا حبیب ابنِ مظاہر نے جب یہ سنا تو جسم پر لرزہ طاری ہوگیا اور آپ نے اپنی دستار کو سر سے اتار لیا روتے ہوئے ہچکی بندھ گئی کہ بتول زادی اس غلام کو سلام دے رہی ہیں یا خدا یہ آلِ رسول پر کیا وقت آگیا اور پھر وفا کی داستان رقم کرتے ہوئے حبیب ابنِ مظاہر نے یوم عاشور کو کمر کس لی اور اپنے ماتھے پر پٹی باندھ لی کہ دشمنوں کو میرے چہرے پر ضعیفی کے آثار بھی نمایاں نہ ہوں اور آپ برق رفتاری کے ساتھ دشمنوں کی صفوں میں گھس گئے ستر سے زائد دشمنوں کو واصلِ جہنم کیا اور پھر بلا آخر زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے آپ زمین پر گرے آخری آواز تھی امام حسین تو امام حسینؑ آگے بڑھے اور حبیب ابن مظاہر اپنے دوست کا سر اپنی گود میں رکھا اور فرمایا میں حسین ابنِ علیؑ حبیب یہ گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے اپنی محبت اور دوستی کا حق ادا کر دیا ہے اللہ اکبر کبیرا اور یوں حبیب ابنِ مظاہر نے وفا اور دوستی اور محبت کی داستان رقم کر دی اللہ پھر مجبوراً مجھے یہاں کہنا پڑ رہا ہے کوئی ایک دوست تو ہو حبیب ابنِ مظاہر جیسا جسکو بے تکلف مقتل میں بلایا جائے قربانم اس دوستی وفاداری تعلق کے واللہ اسکو لکھتے آنسوں رواں رہے مسلسل مجھے لگتا میری ساری لکھی گئی باتوں میں یہ سب سے خوبصورت سٹوری محبت اور دوستی کی بے مثال لاجواب سٹوری ہے

☆☆☆☆

مہنگائی کے طوفان میں صبر، شعور اور سادگی ہی نجات کا راستہ

مہنگائی کا جن اس وقت بے قابو ہو چکا ہے جبکہ معاشی بحران اپنے عروج پر پہنچتا دکھائی دے رہا ہے۔ عام آدمی دو وقت کی روٹی، بچوں کی تعلیم، علاج معالجہ اور روزمرہ ضروریات پوری کرنے میں شدید مشکلات کا شکار ہے۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ مہنگائی کو قابو کرنے اور عوام کو حقیقی ریلیف دینے کے لیے کوئی مؤثر اور دیرپا حکمتِ عملی

تحریر۔ ذوالفقار علی طارق قادری

نظر نہیں آرہی۔

جس طرح انسان بیماریوں سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کرتا ہے، اینٹی بائیوٹک استعمال کرتا ہے، گرمی اور سردی سے محفوظ رہنے کے لیے مختلف طریقے اپناتا ہے، اسی طرح موجودہ معاشی حالات میں

بھی ہمیں اپنی زندگیوں میں چند مثبت تبدیلیاں لانا ہوں گی تاکہ مشکلات کا بوجھ کچھ کم ہو سکے۔

سب سے پہلے ہمیں اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا ہوگا۔ عبادات، نماز، دعا، تلاوتِ قرآن اور استغفار کو اپنی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا کیونکہ حقیقی سکون اور رزق میں برکت اللہ ہی کی ذات عطاء کرتی ہے۔

اس کے ساتھ ساتھ ہمیں اپنی طرزِ زندگی میں سادگی اختیار کرنا ہوگی۔ باہر کے کھانوں، غیر ضروری ہوٹلنگ اور فضول اخراجات سے اجتناب کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ خواہشات کو محدود کر کے صرف ضروریات تک خود کو رکھنا ہی دانشمندی ہے۔

آمدنی بڑھانے کے ذرائع پر غور کرنا ہوگا۔ ہر فرد کو چاہیے کہ وہ حلال روزگار کے نئے مواقع تلاش کرے، چھوٹے کاروبار، ہنر اور اضافی ذرائع آمدن پر توجہ دے تاکہ مالی دباؤ کم ہو سکے۔

غیر ضروری خریداری ترک کرنا بھی بے حد ضروری ہے۔ فیشن، دکھاوے اور فضول رسومات نے پہلے ہی معاشرے کو معاشی بوجھ میں مبتلا کر رکھا ہے۔ ہمیں اپنی حیثیت اور استطاعت کے مطابق زندگی گزارنے کی عادت اپنانا ہوگی۔

صحت مند اور سادہ غذا کو ترجیح دی جائے۔ سبزیاں، دالیں اور گھریلو کھانے نہ صرف صحت بخش ہیں بلکہ نسبتاً سستے بھی ہیں۔ اسی طرح غیر ضروری سفر سے گریز، بجلی اور گیس کی بچت اور روزمرہ اخراجات میں احتیاط بھی موجودہ حالات میں نہایت اہم ہے۔

یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیے کہ چیخنے چلانے، بیجا سیاسی گفتگو شور مچانے اور ایک دوسرے کو موردِ الزام ٹھہرانے سے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ مشکل وقت میں ایک دوسرے کو سہارا دینا، حوصلہ دینا اور آسانیاں پیدا کرنا ہی اصل انسانیت ہے۔

چھوٹی چھوٹی بچتوں کو ہرگز نظر انداز نہ کریں کیونکہ قطرہ قطرہ مل کر دریا بنتا ہے۔ ہمیشہ صبر اور شکر کو اپنا شعار بنائیں، کیونکہ صبر مشکل وقت کو آسان بناتا ہے اور شکر نعمتوں میں اضافہ کرتا ہے۔

ہمیں چاہیے کہ دکھاوے کی زندگی سے نکل کر حقیقت پسندانہ طرزِ زندگی اپنائیں، اپنی حدود میں رہیں اور اپنی چادر دیکھ کر پاؤں پھیلائیں۔ اگر ہم نے اجتماعی طور پر سادگی، صبر، محنت اور شعور کو اپنا لیا تو یقیناً یہ مشکل وقت بھی گزر جائے گا اور معاشرہ دوبارہ استحکام کی طرف لوٹ آئے گا۔

بالا باتوں پر خلوصِ دل کے ساتھ عمل کرنے کی کوشش کریں تو زندگی یقیناً بہت آسان ہو سکتی ہے۔ نہ بار بار قرض لینے کی ضرورت پیش آئے گی اور نہ ہی انسان ہر وقت پریشانیوں اور مشکلات میں گھرا رہے گا۔

آج کا سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ ہم نے اپنی ضروریات سے زیادہ خواہشات کو اہم بنا لیا ہے، جس کی وجہ سے سکون ہم سے دور ہوتا جا رہا ہے۔

انسان کو ہمیشہ اپنے وسائل بڑھانے کے لیے حلال ذرائع پر غور و فکر اور تگ و دو میں رہنا چاہیے۔ یہ سوچنا چاہیے کہ رزقِ حلال

کس طرح کمایا جائے، کون سا ایسا راستہ اختیار کیا جائے جس میں برکت بھی ہو اور عزت بھی۔ کیونکہ حرام کی چمک وقتی ہوتی ہے جبکہ حلال کی کمائی انسان کے دل کو سکون عطا کرتی ہے۔

ضروری نہیں کہ انسان ہر وقت دوسروں کی زندگی سے اپنی زندگی کا موازنہ کرتا رہے۔ یہ دوڑ کبھی ختم نہیں ہوتی کہ فلاں کے پاس گاڑی ہے، بنگلہ ہے، دولت ہے اور میرے پاس کیوں نہیں۔ انسان کو اپنی محنت جاری رکھنی چاہیے، ترقی کی خواہش ضرور رکھنی چاہیے لیکن حسد، نفرت اور بے صبری کے بغیر۔ کیونکہ دولت، عزت اور وسائل اللہ تعالیٰ کی عطا ہیں۔ اللہ کسی کو امیر بنا کر آزماتا ہے اور کسی کو غریب رکھ کر امتحان لیتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ امیری اور غریبی دونوں آزمائشیں ہیں، اور یہ زندگی کا سفر دراصل ایک امتحان گاہ ہے۔

ہمیں اپنی صحبتوں کا بھی خاص خیال رکھنا چاہیے۔ اچھی صحبت انسان کی زندگی بدل دیتی ہے جبکہ بری صحبت انسان کو بے سکونی، انتشار

اور پریشانیوں میں دھکیل دیتی ہے۔ ہمیشہ ایسے لوگوں کے ساتھ بیٹھیں جن کی زبان پر شکر ہو، جو دوسروں کیلئے آسانیاں پیدا کرتے ہوں، جو مایوسی نہیں بلکہ امید بانٹتے ہوں۔

ایک دوسرے کا خیال رکھنا، دکھ درد میں ساتھ دینا اور محبت، عاجزی اور انکساری کے ساتھ پیش آنا ہی اصل انسانیت ہے۔ کسی کو حقارت کی نظر سے نہ دیکھا جائے کیونکہ عزت و ذلت کا مالک صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ جو آج طاقتور ہے کل کمزور بھی ہوسکتا ہے اور جو آج مشکل میں ہے ممکن ہے کل کامیابی کی بلندیاں چھولے۔

اگر ہم سادگی، قناعت، صبر، شکر اور محبت کو اپنی زندگی کا حصہ بنالیں، ایک دوسرے کے لیے آسانیاں پیدا کریں اور اپنے دلوں کو حسد، نفرت اور دکھاوے سے پاک کر لیں تو ان شاء اللہ زندگی کا سفر بہت آسان ہو جائے گا۔ غم، پریشانیاں اور بے سکونی آہستہ آہستہ ختم ہونے لگیں گی اور انسان حقیقی سکون اور خوشی محسوس کرے گا۔

زندگی کو آسان بنانے کے لیے ضروری نہیں کہ انسان کے پاس بے شمار دولت، بڑی گاڑیاں یا عالی شان بنگلے ہوں، بلکہ اصل سکون قناعت، صبر، شکر اور محبت میں پوشیدہ ہے۔ جو انسان اپنی حیثیت کے مطابق زندگی گزارنا سیکھ لیتا ہے، حلال رزق پر اکتفا کرتا ہے، دوسروں کی خوشیوں پر حسد کرنے کے بجائے دعا دیتا ہے اور ہر حال میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہے، اس کی زندگی میں برکتیں خود بخود اترنا شروع ہو جاتی ہیں۔

آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم نمود و نمائش، فضول مقابلہ بازی اور بے جا خواہشات سے نکل کر سادگی، اخلاص اور انسانیت کو اپنائیں۔ ایک دوسرے کیلئے آسانیاں پیدا کریں، محبت بانٹیں، دل نہ دکھائیں اور مشکل وقت میں سہارا بنیں۔

کیونکہ یہ دنیا ہمیشہ رہنے کی جگہ نہیں بلکہ ایک عارضی سفر اور امتحان گاہ ہے۔

اگر ہم نے اپنے دلوں کو حسد، نفرت اور لالچ سے پاک کر کے صبر، شکر، قناعت اور عاجزی کو اپنا شعار بنالیا تو یقیناً نہ صرف ہماری زندگی آسان ہو جائے گی بلکہ ہمارا معاشرہ بھی سکون، بھائی چارے اور محبت کا گہوارہ بن جائے گا۔

ان شاءاللہ۔

☆☆☆☆

حکماء کے محافظ: حکیم سراج الدین چانڈیو کی طب یونانی کیلئے خدمات

طب یونانی صدیوں سے برصغیر کے عوام کی صحت کا محافظ رہا ہے. جڑی بوٹیوں، معدنیات اور قدرتی مرکبات سے علاج کا یہ نظام آج بھی لاکھوں لوگوں کا بھروسہ ہے. مگر جدید


تحریر: حکیم حسن عابد بھٹو ۔ نوڈیرو

دور کے چیلنجز، رجسٹریشن کے مسائل اور حکومتی بے توجہی نے اس قدیم علم کو کمزور کر دیا تھا. ایسے نازک وقت میں جب حکماء کی آواز دبانے کی کوش ہو رہی تھی، حکیم سراج الدین چانڈیو صاحب ایک مضبوط ستون بن کر سامنے آئے.

حکیم سراج الدین چانڈیو صاحب پاکستان کے رجسٹرڈ حکماء کے مرکزی رہنما ہیں نیشنل کاؤنسل فار طب اسلام آباد کے نائب صدر اور پاکستان طبی کانفرنس صوبا سندھ کے پریذیڈنٹ کے طور پر اپنے خدمات سرانجام دے رہے ہیں. ان کی قیادت میں حکماء کی تنظیم نے ایک نئی جان حاصل کی. ان کی سب سے بڑی خدمت یہ ہے کہ انہوں نے بکھرے ہوئے حکماء کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کیا. جب تک حکماء متحد نہیں ہوں گے، ان کے مسائل حل نہیں ہو سکتے - یہ فلسفہ انہوں نے عملی طور پر ثابت کر کے دکھایا.

ان کی اولین جدوجہد رجسٹریشن کے مسئلے پر رہی. ہزاروں ماہر حکماء بغیر سرکاری شناخت کے پریکٹس کر رہے تھے. حکیم صاحب نے حکومت سے مسلسل مذاکرات کیے، احتجاج ریکارڈ کرائے اور بالآخر رجسٹریشن کے عمل کو شفاف بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا. آج سینکڑوں حکماء کو قانونی تحفظ ملا ہے، جس کا کریڈٹ براہ راست ان کی کاوشوں کو جاتا ہے.

دوسری بڑی خدمت طب یونانی کے فروغ کے لیے ہے. حکیم صاحب نوجوان نسل کو اس علم کی طرف راغب کرنے کے لیے سیمینار، ورکشاپ اور تربیتی نشستیں منعقد کراتے ہیں. ان کا ماننا ہے کہ اگر نوجوان حکیم جدید سائنسی تحقیق کے ساتھ طب یونانی کو جوڑیں گے تو یہ نظام دنیا بھر میں اپنا مقام بنا سکتا ہے. انہوں نے کئی تحقیقی مقالے بھی لکھوائے تاکہ جواہراتی کشتوں اور مرکبات کی افادیت سائنسی بنیادوں پر ثابت ہو سکے.

حکیم سراج الدین چانڈیو صاحب نے عوامی آگاہی کے لیے بھی بے مثال کام کیا. ان کی رہنمائی میں حکماء نے مفت میڈیکل کیمپ لگائے، دیہی علاقوں میں صحت کے بارے میں لیکچر دیے اور اخبارات کے ذریعے لوگوں کو پرہیز و علاج کے بارے میں بتایا. ان کی وجہ سے لوگوں کا اعتماد بحال ہوا کہ دیسی علاج صرف "ٹوٹکے" نہیں، بلکہ ایک مکمل سائنسی نظام ہے.

آج طب یونانی جس مقام پر کھڑی ہے، اس میں حکیم سراج الدین چانڈیو صاحب کی انتھک محنت شامل ہے. وہ نہ صرف حکماء کے رہنما ہیں بلکہ اس علم کے سچے خادم ہیں. ان کی دیانت، ثابت قدمی اور عوام سے محبت نے ثابت کیا کہ اگر نیت صاف ہو تو ایک شخص بھی پورے نظام کو بدل سکتا ہے.

اللہ تعالیٰ حکیم صاحب کو لمبی عمر، صحت اور مزید کامیابیاں عطا کرے. آمین. ہمیں چاہیے کہ ہم ان جیسے مخلص رہنماؤں کی قدر کریں اور طب یونانی کے فروغ میں اپنا حصہ ڈالیں.

☆☆☆☆

بقیہ 1

پیشہ افراد نے حکومتی اقدام کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت کے اقدام سے بیرون ملک ملازمتوں کے ذریعے معاشی مشکلات میں کمی آئے گی۔ چمن کے نوجوان ترسیلات زر کے ذریعے ملکی معیشت میں کردار ادا کریں گے، متاثرین نے حکومتی فیصلے پر اطمینان کا اظہار کیا

بقیہ 2

مذاکرات کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری اور ذمہ دارانہ کردار کو سراہا۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے مطابق ملاقات میں علاقائی پیشرفت اور امن اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ایرانی صدر نے کشیدگی میں کمی اور علاقائی استحکام کیلئے پاکستان کے کردار کو سراہا اور تنازع کے پرامن حل کی حوصلہ افزائی کیلئے پاکستان کی کوششوں کا اعتراف کیا

بقیہ 3

جنہوں نے اقوام کے درمیان مکالمے، باہمی فہم و ادراک اور تعاون کے فروغ میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں، ان کی کاوشوں نے بین الاقوامی روابط کو مضبوط بنایا اور مشکل اور غیر یقینی حالات میں تنازعات کے پرامن حل کی راہ ہموار کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ خواتین سفارتکاروں کے عالمی دن کے موقع پر منگل کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری پیغام میں صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان میں خواتین کی سفارتکاری اور قومی زندگی میں خدمات کی ایک درخشاں روایت موجود ہے، بیگم رعنا لیاقت علی خان نے قیام پاکستان کے ابتدائی برسوں میں بیرون ملک پاکستان کی باوقار اور مؤثر نمائندگی کی، بیگم شائستہ اکرام اللہ، ایک ممتاز سفارتکار اور پارلیمنٹیرین تھیں جو اقوام متحدہ میں پاکستان کے اولین نمائندوں میں شامل رہیں۔ انہوں نے انسانی حقوق کے فروغ اور نئی آزاد ہونے والی اقوام کی آواز کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے میں نمایاں کردار ادا کیا۔ شہید محترمہ بینظیر بھٹو، عالم اسلام کی پہلی خاتون وزیر اعظم تھیں جنہوں نے پاکستان کے بین الاقوامی روابط کو وسعت دی اور عالمی فورمز پر ملک کے مقام کو مزید مستحکم کیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ وقت گزرنے کے ساتھ پاکستانی خواتین نے دفتر خارجہ اور سفارتی خدمات کے مختلف اعلیٰ مناصب پر فرائض انجام دیئے ہیں جن میں سفیر، مستقل مندوب، سیکرٹری خارجہ اور مشن سربراہ جیسے اہم عہدے شامل ہیں۔ انہوں نے دوطرفہ تعلقات، اقوام متحدہ اور دیگر کثیرالجہتی اداروں میں پاکستان کی مؤثر نمائندگی کی ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ ان کی خدمات سفارتکاری کے تمام شعبوں میں نمایاں ہیں، وہ پاکستان کے قومی مفادات کے فروغ کے ساتھ ساتھ رابطے اور مکالمے کے دروازے کھلے رکھنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں خصوصاً ریاستوں کے درمیان کشیدگی کے دوران جب محتاط مذاکرات کی ضرورت پیش آتی ہے، مسلح تنازعات، جغرافیائی سیاسی کشیدگی، موسمیاتی چیلنجز، تیز رفتار تکنیکی تبدیلیوں اور نئے سلامتی خطرات سے متأثر موجودہ دور میں ان کا کردار مزید اہمیت اختیار کر گیا ہے

بقیہ 4

بلوچ شریک ہوئے، جبکہ یونیورسٹی آف مکران پنجگور کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سعادت بلوچ نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ یونیورسٹی آف مکران پنجگور کے شعبہ کمپیوٹر سائنسز میں فوری طور پر پی ایچ ڈی سطح کے چیئرمین اور دو متعلقہ لیکچررز کی تعیناتی کیلئے سمری بلا تاخیر ارسال کی جائے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ شعبے میں مستقل اور باقاعدہ تدریسی اسٹاف کی تعیناتی کو بھی جلد از جلد یقینی بنایا جائے گا تاکہ تدریسی عمل کو مؤثر اور معیاری بنایا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اجلاس کے دوران ہدایت دی کہ جامعات میں تعلیمی معیار کی بہتری اور خاص طور پر انفارمیشن ٹیکنالوجی اور کمپیوٹر سائنس جیسے اہم شعبوں کو مضبوط بنانے کیلئے تمام ضروری اقدامات فوری طور پر مکمل کیے جائیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید علوم سے آراستہ کرنا صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس مقصد کے حصول میں کسی قسم کی تاخیر یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ حکومت تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل کے مستقل حل کیلئے عملی و دیرپا اصلاحات پر عمل پیرا ہے۔

بقیہ 5

ہمارا ہمسایہ ہی نہیں یہ ہمارا بھائی اور عزیز دوست ہے، دونوں ممالک مشترکہ مستقبل اور منزل کے شراکت دار ہیں، حکومت اور ایرانی عوام پاکستانی حکومت اور عوام کی حمایت پر شکرگزار ہے۔ منگل کو ایرانی صدر مسعود پزشکیان کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے فارسی شعر کے ذریعے ایران کے ساتھ قریبی تعلقات کے عزم کا اعادہ کیا۔ وزیر اعظم کے فارسی شعر پر ایرانی صدر اور دوسرے حکام نے تالیاں بجائیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایرانی صدر اور ان کے وفد کو پاکستان آمد پر ایک بار پھر خوش آمدید کہتا ہوں، آنے والے وقت میں آپ کی کامیابی کے لیے دعا گو ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت بڑی کامیابی ہے، پاکستان نے اس ایم او یو پر بطور ثالث دستخط کیے ہیں، اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے بعد جنگ بندی ہمارے لیے خوشی کا لمحہ ہے، اللہ سے دعا گو ہیں کہ اس اقدام سے امن کے نئے دور کا آغاز ہو۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ایران میں ہزاروں افراد کی شہادت پر اظہار افسوس کرتے ہیں، الحمدللہ ہم اس وقت یہاں ایک روشن مستقبل کے لیے بیٹھے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور کہا کہ ہم ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کو بھی اس مشکل وقت میں لیڈرشپ پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یقین دلاتا ہوں کہ ہم یہ اہم کردار ادا کرتے رہیں گے، ہم پائیدار معاہدے تک اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے، ہم ایرانیوں کے عزم کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، ایرانی بہن بھائیوں نے اس مشکل وقت میں انتہائی حوصلے و ہمت کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ جنگ بندی اور ایم او یو میں فیلڈ مارشل نے ان تھک محنت کی، اللہ بہجد مہربان ہے، جس نے ہمیں یہ کامیابی عطا کی۔ ہم نے کہا تھا کہ اس جنگ کو رکوانے کیلئے جو کچھ کر سکے کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ قطر کے امیر اور وزیراعظم نے اس امن اقدام کے لیے بھرپور حمایت کی، سعودی ولی عہد اور ترکیے کے صدر اردوان نے پاکستان کے امن اقدام کی حمایت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہم ایران کیساتھ ہر شعبے میں تعاون کو فروغ دیں گے، ایران جلد ایک بڑی معیشت بنے گا، ایران کے صدر کا ہماری دعوت پر آنا ہم سب کے لیے خوشی کا باعث ہے، ہم ہمیشہ کے لیے دوست اور بھائی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں دوہرا معیار نہیں ہونا چاہیے، دنیا میں شرپسند نہیں چاہتے تھے کہ ایم او یو ہو، ایران نے پاکستان کی ثالثی پر اعتماد کیا جس پر شکرگزار ہیں۔ وزیراعظم نے ایرانی سپریم لیڈر علی خامنہ ای کی شہادت پر اظہار افسوس کیا اور انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ایران کی کامیابی ہماری کامیابی ہے، ایران کی ناکامی ہماری ناکامی ہے، پاکستان امن مذاکرات میں اعتماد کرنے پر ایرانی قیادت کا شکر گزار رہے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہم نے الحمدللہ یہ امن مذاکرات پورے خلوص نیت سے کروائے، یہ کامیابی دوست ملکوں کی حمایت کے بغیر حاصل نہیں کی جاسکتی تھی، امیر قطر نے امن عمل کی کامیابی کے لیے مرکزی کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے غیر متزلزل عزم، انتھک محنت سے یہ تاریخی کامیابی حاصل ہوئی ہے۔

بقیہ 6

کوہیار خان ڈومکی، صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم خان کھوسہ، صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ، مشیر برائے محنت و افرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، پارلیمانی سیکرٹری میر عبدالمجید بادینی، اراکین صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی، ڈاکٹر محمد نواز کبزئی مولوی نور اللہ، بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلاول خان کاکڑ، وزیر اعظم یوتھ پروگرام بلوچستان کے فوکل پرسن نعیم کریم، پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری ربانی خان کاکڑ، سابق صوبائی وزیر میر نصیب اللہ مری، چیئرمین ضلع کونسل ڈیرہ بگٹی وڈیرہ غلام نبی شمبھانی اور سماجی رہنما ڈاکٹر حیات خان غلزئی شامل تھے وزیر اعلیٰ سے سی ایس ایس کے حالیہ امتحان میں ٹاپ ٹین میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی بلوچستان کی ہونہار طالبہ ماہ نور بلوچ نے بھی ملاقات کی۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ماہ نور بلوچ کی شاندار کامیابی کو صوبے کیلئے باعث فخر قرار دیتے ہوئے انہیں خصوصی طور پر سراہا اور بلوچستان کی باصلاحیت بیٹی کی حوصلہ افزائی کیلئے انہیں سوینئر پیش کیا انہوں نے کہا کہ ماہ نور بلوچ جیسے ہونہار

طلبہ و طالبات صوبے کا روشن مستقبل ہیں اور ان کی کامیابی دیگر نوجوانوں کیلئے مشعل راہ ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کو تعلیم، مقابلہ جاتی امتحانات اور اعلیٰ پیشہ ورانہ شعبوں میں آگے بڑھنے کیلئے ہر ممکن سہولیات فراہم کر رہی ہے تاکہ وہ ملکی اور بین الاقوامی سطح پر بلوچستان کا نام روشن کر سکیں انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت میرٹ، شفافیت اور مساوی مواقع کی فراہمی کے اصولوں پر عمل پیرا رہتے ہوئے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کیلئے عملی اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ 7

تحفظ، زرعی تحقیق اور تجارتی سہولت کاری کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر توجہ دی گئی۔ دونوں فریقین نے اقتصادی تعلقات کو مزید گہرا کرنے اور موجودہ معاہدوں کو عملی نتائج میں تبدیل کرنے کے عزم کا اعادہ کیا تاکہ دونوں ممالک کے کسانوں، تاجروں اور صارفین کو فائدہ پہنچ سکے۔ گفتگو کے دوران رانا تنویر حسین نے اپنے 2025 کے سرکاری دورہ ایران کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس موقع پر دونوں ممالک نے اہم زرعی اجناس کی دوطرفہ تجارت میں توسیع پر اتفاق کیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ ایران نے پاکستانی چاول، آم اور گوشت درآمد کرنے میں دلچسپی ظاہر کی تھی تاکہ اپنی بڑھتی ہوئی ملکی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔ وفاقی وزیر نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان زرعی پیداوار کے شعبے میں وسیع صلاحیتوں کا حامل ہے اور ایرانی منڈی کو اعلیٰ معیار کی زرعی مصنوعات فراہم کرنے کی مکمل استعداد رکھتا ہے۔ ایرانی وزیر نے پاکستان سے گوشت درآمد کرنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایران کی مجموعی درآمدی گوشت ضروریات کا تقریباً 60 فیصد پورا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ انہوں نے پاکستانی لائیو اسٹاک مصنوعات کے معیار اور بین الاقوامی معیارات پر اعتماد کا اظہار کیا اور بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر تجارتی طریقہ کار وضع کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ دونوں وزراء نے سابقہ ملاقاتوں میں طے پانے والی مفاہمتوں اور پیش رفت کا جائزہ لیا اور اس بات پر اتفاق کیا کہ مشترکہ اعلامیے میں شامل فیصلوں اور وعدوں پر آئندہ دو ماہ کے اندر عملدرآمد کیا جائے گا

بقیہ 8

احکام اور ایرانی سفیر رضا امیری بھی موجود تھے۔ ایران صدر مسعود پزشکیان نے صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات کی جس دوران دوطرفہ تعلقات، علاقائی امن و سلامتی، اقتصادی تعاون سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صدر زرداری نے کہا کہ یہ دورہ دونوں ممالک کے اچھے اور برے وقت میں ساتھ رہنے کی خواہش کا مظہر ہے۔ صدر زرداری نے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہونے پر صدر پزشکیان کو مبارکباد دی اور کہا کہ امید ہے تکنیکی سطح کے جاری مذاکرات خطے میں مستقل امن کا باعث بنیں گے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان مسلسل یکطرفہ اقدامات کی مخالفت کرتا آیا ہے

بقیہ 9

جانب سے اعزازی فیلوشپ دیے جانے کی تقریب ہوئی جس میں وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر سمیت اعلیٰ شخصیات بھی شریک تھیں۔ وزیر اعظم اور پاکستان کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز کے صدر نے ایرانی صدر کو فیلوشپ دی۔ ڈاکٹر مسعود پزشکیان کو یہ فیلوشپ شاندار خدمات کے اعتراف میں دی گئی

بقیہ 10

باصلاحیت اور باکردار نوجوانوں سے ہوتی ہے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ جب میں نے یونیورسٹی آف ناروال کے قیام کا خواب دیکھا تھا تو اس کے پیچھے صرف عمارتیں تعمیر کرنا مقصد نہیں تھا بلکہ ایسے نوجوان پیدا کرنا تھا جو علم، کردار اور صلاحیت کے ذریعے پاکستان کا مستقبل روشن کریں۔ آج جب یونیورسٹی آف ناروال کے ایک طالب علم کو لندن کی ریونسبورن یونیورسٹی سے پراجیکٹ مینجمنٹ میں امتیازی کامیابی کے ساتھ ماسٹرز مکمل کرتے دیکھتا ہوں تو محسوس ہوتا ہے کہ یہ خواب حقیقت کا روپ دھار رہا ہے۔ احسن اقبال کا کہنا تھا کہ آج مجھے ناروال کے ایک نوجوان کا ایسا پیغام موصول ہوا جو میرے لیے پورے دن بھر کے لئے کی توانائی بن گیا۔ دل شکر اور عاجزی کے جذبات سے بھر گیا۔ محمد نوخیز نثار باجوہ کا محبت، احترام اور قدردانی سے بھرپور پیغام میرے لیے کسی اعزاز سے کم نہیں۔ اصل کامیابی عہدوں، منصبوں یا تعریفی کلمات میں نہیں

بقیہ 11

میں شہباز شریف نے کہا کہ کونسی حکومت قانونی اور کونسی غیر قانونی؟ آجائیں 2018 سے تحقیقات کر لیتے ہیں، دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے گا۔ اپوزیشن لیڈر کو جواب دیتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ 2018 سے شروع کرتے ہیں، پھر 2024 میں بھی آ جائیں گے۔ شہباز شریف نے کہا کہ موجودہ حکومت کو غیر قانونی قرار دینے والے بتائیں کیا 2018 میں بھرپور جادوگری نہیں ہوئی؟ انہوں نے کہا کہ بات نکلے گی تو پھر دور تلک جائے گی، اگر وہ قانونی حکومت ہے تو پھر یہ بھی قانونی حکومت ہے۔

بقیہ 12

پاکستان ایک پل کا کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے جو پورے خطے کی معاشی منڈیوں، ثقافتوں اور صنعتوں کو آپس میں مربوط کریگا۔ ہماری یہ سیاسی و معاشی بصیرت محض انفراسٹرکچر نہیں ہے بلکہ یہ اقتصادی انضمام اور پائیدار ترقی کیلئے ایک دانشمندانہ پیشرفت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں صوبہ سندھ کے دارالحکومت کراچی میں چائنا کے قائمقام قونصل جنرل (.Mr DehengFeng) سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پولیٹیکل ڈائریکٹر (.Mr Wang .Mr) اور (Song Zhang Zhaoxiang) بھی موجود تھے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ پاکستان اور چین کے سیاسی اور سفارتی تعلقات کی 75 ویں سالگرہ منا چکے ہیں۔ شراکت داری کی یہ طویل تاریخ دونوں ممالک پاکستان اور چائنا کی پائیدار دوستی اور طاقت کا منہ بولتا ثبوت ہے جو کئی دہائیوں کی ترقی، مختلف چیلنجز اور باہمی اعتماد میں کندھے سے کندھا ملا کر کھڑے ہیں۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ اب ہماری بھرپور توجہ صوبہ کے روشن مستقبل پر بھی مرکوز ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ چائنا آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور جدید ٹیکنالوجی میں بہت وسیع علم و تجربہ رکھتا ہے۔ چین کے بھی ایکسیلنس اور مہارت بلوچستان میں ایک نسل کی تشکیل میں مددار و فکری رہنمائی کر سکتی ہے۔ چین ہماری پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کے ذریعے، ہم طلباء کیلئے عالمی معیار کی تعلیم کو محفوظ بنا سکتا ہے اور انہیں جدید دنیا کے تقاضوں کے مطابق جدید مہارتوں سے آراستہ کر سکتا ہے۔ اسطرح اسکالرشپ اور نئے تعلیمی مواقع کے حوالے سے چائنا ہمارے نوجوانوں کو کامیابی و کامرانی کی نئی بلندیوں تک پہنچا سکتا ہے۔ ملاقات کے دوران چائنا کے قائمقام قونصل جنرل (.DehengFeng Mr) نے کہا کہ پاکستان نے عالمی سطح پر اپنی سفارتی صلاحیت کا مظاہرہ کرتے ہوئے تقریباً نصف صدی کے بعد امریکہ اور ایران دونوں کو مذاکرات کی میز پر لانے میں کامیاب حاصل کی۔

بقیہ 13

کے روز یہاں ملاقات کی جس دوران فریقین نے تعلیم، تجارت، معیشت، ٹرانسپورٹ و مواصلات، زراعت اور مویشیوں کی ترقی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گفتگو میں پاکستان اور ازبکستان کے درمیان سٹریٹجک شراکت داری کو مضبوط بنانے، علاقائی روابط بڑھانے اور اقتصادی انضمام کو فروغ دینے کے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا گیا۔ دونوں ممالک نے مشترکہ تحقیقی منصوبوں، طلبہ و اساتذہ کے تبادلہ پروگراموں، خصوصی استعداد کار بڑھانے اور تربیتی اقدامات کے ذریعے تعلیمی تعاون کو وسعت دینے کے مواقع کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈگری پروگراموں کی مشترکہ منظوری (جوائنٹ ایکریڈیٹیشن) کے امکانات پر بھی غور کیا گیا تاکہ معیار تعلیم کو مزید بہتر بنایا جاسکے اور تعلیمی اسناد کی بین الاقوامی سطح پر پذیرائی میں اضافہ ہو۔ تعلیمی تعاون پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر احسن اقبال نے زبانوں کے فروغ اور علمی تبادلوں کی اہمیت پر زور دیا۔

بقیہ 14

جسٹس جمال مندوخیل نے استفسار کیا کہ کیا گواہی کی ریکارڈنگ ہو چکی ہے؟ اس پر ملزمان کے وکیل نے

عدالت کو بتایا کہ ہائیکورٹ نے میمورنڈم جاری کرنے کا حکم دیا ہے۔ وکیل نے مزید کہا کہ انہیں ہائیکورٹ کے حکم پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ گواہی کا درست ریکارڈ کرنا عدالتی معاملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئی غلطی عدالت کے نوٹس میں آ جائے تو کیا اس کی درستگی نہیں کی جا سکتی؟ سماعت کے دوران نایاب عمرانی کے وکیل نے مقف اختیار کیا کہ مقدمے میں وقوعہ کی تاریخ تک غلط درج کر دی گئی ہے۔ اس پر جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ عدالت تاریخ کی اہمیت سے بخوبی آگاہ ہے۔ نایاب عمرانی کے وکیل نے موقف اپنایا کہ ان کی جرح بھی درست طور پر عدالتی ریکارڈ کا حصہ نہیں بنائی گئی۔ جسٹس جمال مندوخیل نے ہدایت دی کہ صرف گواہی میں موجود غلطیوں کی نشاندہی کی جائے۔ سماعت کے دوران جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ اگر عدالت خود ہی بروقت صحیح کر لیتی تو معاملہ سپریم کورٹ تک نہ پہنچتا

بقیہ 15

دینے اور علاقائی امن و استحکام کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ ایرانی صدر کی پاکستان آمد کے موقع پر اپنے بیان میں انہوں نے فارسی زبان میں ایرانی صدر مسعود پزشکیان کے دورہ پاکستان کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ پاکستانی عوام نے ہمیشہ اپنے ایرانی بھائیوں کا کھلے دل سے استقبال کیا ہے، اس دورے کی کامیابی اور بھرپور نتائج کی دعا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ایران کی پائیدار دوستی، علاقائی امن، ترقی اور مشترکہ خوشحالی کی ضمانت ہے۔

بقیہ 16

ہماری خوشیاں اور غم سانجھے ہیں، مفاہمتی یادداشت میں بیلسٹک میزائل پروگرام سے متعلق کوئی بات نہیں، دوہرا معیار نہیں ہونا چاہئے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کے ساتھ وفود کی سطح پر ملاقات کے دوران ابتدائی کلمات میں کیا۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر بھی شریک تھے۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ اپنے بھائی مسعود پزشکیان کو دورہ پاکستان پر ایک بار پھر خوش آمدید کہتے ہیں، ایران کے صدر اور ان کے وفد کا یہاں استقبال کرنا میرے لیے اعزاز ہے۔ انہوں نے دورہ پاکستان کے لئے دعوت قبول کرنے پر ایرانی صدر کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے بعد اس دورے پر بے حد خوشی ہے۔ وزیراعظم نے ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی وژنری قیادت میں اسلام آباد مفاہمتی یادداشت اور جنگ بندی کے لئے ایران نے وقار اور عزت کے ساتھ دستخط کئے

بقیہ 17

مکالمے اور تعاون کے فروغ کے لیے اپنی صلاحیتیں اور خدمات وقف کر رکھی ہیں، ان کی خدمات نے بین الاقوامی شراکت داریوں کو مضبوط بنایا ہے اور ایک پرامن اور باہم مربوط دنیا کی تشکیل میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ان ممتاز خواتین پر فخر ہے جنہوں نے وقار، صلاحیت اور امتیاز کے ساتھ ہمارے ملک کی نمائندگی کی۔ انہوں نے کہا کہ بیگم رعنا لیاقت علی خان اور بیگم شائستہ اکرام اللہ سے لے کر، جنہوں نے پاکستان کے ابتدائی دور میں اس کی سفارتی شناخت کے قیام میں اہم کردار ادا کیا، شہید محترمہ بینظیر بھٹو تک، جن کی قیادت نے پاکستان کو عالمی سطح پر نمایاں مقام دلایا، پاکستانی خواتین کی متعدد نسلوں نے عوامی خدمت اور بین الاقوامی امور کے میدان میں دیرپا چھاپ چھوڑی ہے۔

بقیہ 18

کنٹریکٹر کو تین محافظوں سمیت قلات کے قریب سے اغواء کرلیا گیا۔ خاندانی ذرائع نے بتایا کہ قلات کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے گورنمنٹ کنٹریکٹر میر ثناء اللہ بہرانی کو انکے تین محافظوں سمیت اغواء کر کے نامعلوم مقام کی طرف فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ اغواء ہونے والا گورنمنٹ کنٹریکٹر ثناء اللہ وزیر اعلیٰ کی مشیر ہادیہ نواز بہرانی کے کزن بتائے جاتے ہیں۔ واقعہ کے بعد پولیس نے نامعلوم افراد کے خلاف مقدمہ درج کر کے مغویوں اور ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔

بقیہ 19

بروقت تکمیل اور سیکیورٹی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے مختلف تجاویز پر غور کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری پی ایچ ای ہاشم غلزئی بھی موجود تھے۔ انہوں نے عوامی خدمات کی فراہمی کے نظام کو مزید مؤثر اور بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ ملاقات میں عوامی مفاد کے منصوبوں کی بروقت تکمیل، صاف پانی کی فراہمی اور پرامن ماحول کے قیام کے لیے مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنے پر بھی غور کیا گیا۔ صوبائی قیادت نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوام کو صاف پانی، بہتر بنیادی سہولیات اور پرامن ماحول کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 20

محمود خان اچکزئی نے کہا کہ کشمیر میں پاکستان سے وفاداری کے نعرے لگتے تھے، آپ نے کشمیر کے لوگوں سے جیسا سلوک کیا وہ افسوسناک تھا، شہباز بھائی، آپ نے کہا 2 سڑکیں دیں لیکن حقیقت میں آپ نے بلوچستان کے وسائل لیے، بلوچستان سے سوئی گیس لی، بدلے میں پورے بلوچستان میں سڑکیں بنادیں پھر بھی کم ہے۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ شہباز شریف، آپ آزاد کشمیر میں ایک وفد بھیجیں جو جا کر بات کرے، ہم نے حلف لیا ہے آئین پاکستان کی حفاظت کریں گے، ہمیں کوئی پیسہ نہیں چاہیے، کچھ نہیں چاہیے بس پارلیمان کو مضبوط کریں، شہباز شریف آپ پارلیمان کو مضبوط کر کے پاکستان کے سب سے طاقتور وزیراعظم بن جائیں، ہم آپ کی مکمل حمایت اور سپورٹ کریں گے آپ پارلیمنٹ کو مضبوط کریں، یہ ایوان طاقت کا سرچشمہ ہونا چاہیے جہاں سے خارجہ پالیسی جانی چاہیے

بقیہ 21

سے گفتگو میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے 35 ہفتوں سے ملاقاتیں بند ہیں، ہم مسلسل مطالبہ کر رہے ہیں ذاتی معالجین اور فیملی کو رسائی دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی آنکھ متاثر ہے، 5 انجیکشن لگائے گئے، بشریٰ بی بی کی آنکھ کی بھی سرجری کی گئی ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بجٹ وہ ہوتا ہے جس میں عوام کو گیس، بجلی غذائی اشیاء سستی ملیں، ہم نے کچھ تجاویز دیں لیکن حکومت کے پاس اکثریت ہے اس لیے ہماری تجاویز معنی نہیں رکھتیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں کا وفاق کی مالی معاونت کرنا آئینی معاملہ ہے، این ایف سی ایوارڈ کے مطابق صوبوں کو ان کا شیئر ملنا چاہیے

بقیہ 22

سورٹ پاکستان میں مقامی ڈسٹری بیوٹرز کے ذریعے چاول کی چھانٹی کرنے والی جدید مشینیں فراہم کر رہی ہے، جبکہ ملک کی چاول کی صنعت میں خودکار پراسیسنگ کی بڑھتی ہوئی ضرورت کے پیش نظر کمپنی پاکستان کے ساتھ اپنے روابط مزید مضبوط بنانے کی خواہاں ہے۔ یہ بات کمپنی کے ایک نمائندے نے منگل کو چائنا اکنامک نیٹ کو بتائی۔ نمائندے نے کہا کہ پاکستان چاول چھانٹنے والے آلات کیلئے کمپنی کی اہم بیرون ملک منڈیوں میں سے ایک ہے، اور کمپنی پاکستان میں مزید مقامی تعاون کی خواہاں ہے، جس میں مقامی اداروں کے ساتھ ممکنہ شراکت داریاں بھی شامل ہیں۔

بقیہ 23

کر گئے۔ تفصیلات کے مطابق قومی اسمبلی اجلاس میں بجٹ کی منظوری کے دوران ارکان نے ایک دوسرے پر لفظی گولہ باری کی۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے 3500 ارب روپے کے آئی پی پیز بوجھ میں کمی کی ہے اور پاور پلانٹس کی لائف میں بھی کمی لائی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاہدے گزشتہ 35 برس کے دوران مختلف حکومتوں نے کیے، اس لیے اس معاملے کی ذمہ داری سب پر عائد ہوتی ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ اگر یہ گناہ ہے تو تمام حکومتیں اس میں شریک رہی ہیں، اس لیے دوسروں پر تنقید کرنے سے پہلے اپنے کردار کا بھی جائزہ لینا چاہیے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ حکومت پیٹرولیم مصنوعات میں مزید کمی کے لیے اقدامات جاری رکھے گی۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے فنانس بل پر بحث کرتے ہوئے حکومت کی معاشی پالیسیوں کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے کوئی مؤثر اقدامات شامل نہیں کیے گئے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ امیر طبقے کو ٹیکس میں ریلیف دیا جا رہا ہے

بقیہ 24

آئینی تقاضوں کے مطابق رویے کی توقع کی جاتی ہے تاہم حالیہ دنوں میں اسپیکر کا طرز عمل نہ صرف غیر ذمہ دارانہ بلکہ جانبدارانہ اور غیر آئینی دکھائی دیتا ہے۔ اجلاس میں کہا گیا کہ موجودہ حکومت کے دور میں اپوزیشن کے ساتھ مسلسل غیر جمہوری رویہ اختیار کیا جا رہا ہے، اپوزیشن اراکین کو ایوان میں مؤثر انداز میں اپنی بات رکھنے سے روکا جاتا ہے، ان کی آواز دبانے کی کوشش کی جاتی ہے جبکہ اپوزیشن رہنماؤں اور اراکین کی تقاریر کو مناسب کوریج اور تشہیر سے بھی محروم رکھا جاتا ہے۔ شرکاء نے اس طرز عمل کو پارلیمانی روایات، جمہوری اقدار اور آئینی اصولوں کے منافی قرار دیتے ہوئے اس کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔ اجلاس میں وفاقی بجٹ پر بھی تفصیلی بحث کی گئی اور متفقہ طور پر اسے مسترد کر دیا گیا

بقیہ 25

تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ خطے میں امن، استحکام، مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے تنازعات کے حل کا حامی رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ عالمی اور علاقائی حالات میں کشیدگی کے بجائے مکالمہ ہی مسائل کے پائیدار حل کی ضمانت فراہم کر سکتا ہے۔ انہوں نے ایران اور امریکہ کے درمیان جاری سفارتی کوششوں کو مثبت پیش رفت قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ مذاکرات خطے میں امن اور استحکام کے فروغ میں معاون ثابت ہوں گے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ ذمہ دار ریاست کے طور پر امن کے قیام، علاقائی ہم آہنگی اور تنازعات کے پرامن حل کیلئے تعمیری کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے اس حوالے سے وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کی قیادت اور حکومت کی متوازن خارجہ پالیسی کو سراہتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت نے قومی مفادات کے تحفظ کے ساتھ ساتھ عالمی برادری میں پاکستان کے مثبت تشخص کو اجاگر کرنے کیلئے مؤثر سفارتی اقدامات کیے ہیں۔

بقیہ 26

کہا ہے کہ بجٹ سازی کے عمل کی تکمیل کے بعد ہماری توجہ پالیسی سازی سے آگے بڑھ کر اس کے موثر نفاذ پر مرکوز ہوگی، نئے سفر کا آغاز ہو چکا ہے۔ منگل کو یہاں سماجی رابطہ کی ویب سائیٹ ایکس پر اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی پارلیمان نے آج فنانس بل 2026 کی منظوری دیدی ہے جس کے ساتھ ہی بجٹ 27-2026 باقاعدہ طور پر نافذ العمل ہو گیا۔ یہ مرحلہ دونوں ایوانوں میں تفصیلی بحث، پارلیمانی جانچ پڑتال اور قائمہ کمیٹیوں کی سفارشات پر غور کے بعد مکمل ہوا۔ مشیر خزانہ نے کہا کہ بجٹ سازی کا عمل اختتام کو پہنچ چکا ہے، ہماری توجہ پالیسی سازی سے آگے بڑھ کر اس کے موثر نفاذ پر مرکوز ہوگی، اصلاحات کو عملی جامہ پہنانا، معیشت کو مزید مسابقتی بنانا، برآمدات میں اضافہ، سرمایہ کاری کا فروغ، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنا اور عوام کی زندگیوں میں بہتری لانا ہماری ترجیحات ہیں

بقیہ 27

کرتے ہوئے کہا کہ عدالتوں کی پہچان انصاف، غیر جانبداری اور آئین و قانون کی بالادستی ہوتی ہے مگر بلوچستان میں صورتحال اس کے بالکل برعکس دکھائی دیتی ہے۔ ایسے فیصلے جو عوامی حلقوں میں سوالات اور تحفظات کو جنم دیں ریاستی اداروں پر عوام کے اعتماد کو متاثر کرتے ہیں۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ اگر سیاسی اور جمہوری آوازوں کو دبانے کا سلسلہ اسی طرح جاری رہا تو اس کے نتیجے میں بے چینی اور مزید پیچیدہ سیاسی صورتحال پیدا ہو سکتی ہے جس کی ذمہ داری متعلقہ پالیسی سازوں پر عائد ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ فیصلہ صرف ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ اور صبغت اللہ شاہ کے خلاف نہیں بلکہ بلوچستان اور ملک کے مستقبل کیلئے بھی نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے

بقیہ 28

ہوئی، جو کچھ ہے وہ تحریری طور پر اسلام آباد معاہدے کے اندر موجود ہے، پاکستان کا اس معاملے میں کوئی ذاتی مفاد نہیں تھا، خالصتاً امت مسلمہ اور عالمی امن کیلئے ثالثی کا مخلصانہ کردار ادا کیا۔ عرب میڈیا کو انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ 28 فروری کو اسرائیل نے ایران پر حملہ کیا جس کی پاکستان نے فوری مذمت کی، پاکستان نے خطے کے امن کیلئے فریقین کو مذاکرات کی میز پر لانے کی پہل کی، پاکستان کی مسلسل کوششوں سے پہلے فریقین کے درمیان سیز فائر کرائی گئی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں امریکا ایران وفود میں 21 گھنٹے طویل مذاکرات کے 6 راؤنڈز ہوئے، 47 سال بعد پہلی بار امریکا اور ایران کے درمیان اسلام آباد میں براہ راست مذاکرات ہوئے، امریکی نائب صدر جے ڈی وینس، ایرانی اسپیکر اور وزیر خارجہ نے مذاکرات میں نمائندگی کی۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان کی جانب سے میں نے، چیف آف ڈیفنس فورسز اور قومی سلامتی مشیر نے بطور ثالث و گواہ شرکت کی

بقیہ 29

فارم، ڈیجیٹل یوتھ ہب 8 لاکھ سے زائد رجسٹرڈ یوزرز کے ساتھ ایک بڑا سنگ میل عبور کر چکا ہے، جو نوجوانوں کی ڈیجیٹل بااختیاری میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ ڈیجیٹل یوتھ ہب ایک "ون-اسٹاپ پلیٹ فارم" کے طور پر کام کرتا ہے جو نوجوانوں کو وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے 4Es یعنی تعلیم، روزگار، شمولیت، اور ماحولیات سے متعلق مواقع سے جوڑتا ہے۔ یہ پلیٹ فارم آرٹیفیشل انٹیلی جنس کی مدد سے نوجوانوں کو نوکریوں، اسکالرشپس، ہنر کی تربیت، رضا کارانہ مواقع، اور موسمیاتی تبدیلیوں سے متعلق سرگرمیوں تک ذاتی نوعیت کی رسائی فراہم کرتا ہے

بقیہ 30

دارالحکومت تہران میں تین روزہ تعطیل کا اعلان کر دیا ہے۔ ایران کے سرکاری میڈیا کے مطابق پاسداران انقلاب کے کمانڈر اور تدفین اور دعائیہ تقاریب کے انچارج حسن حسن زادہ نے بتایا کہ شہید سپریم لیڈر سید علی خامنہ ای کی تدفین اور نماز جنازہ ہفتہ اور اتوار بمطابق 4 اور 5 جولائی 2026 کو تہران کے گرینڈ مصلیٰ میں ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ شہید علی خامنہ ای کی تدفین 6 جولائی کو ہوگی اور اس دوران صوبہ تہران میں 3 روزہ چھٹی ہوگی

بقیہ 31

بحق اور 3 کے زخمی ہونے کی تصدیق کی ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ قطر کے واقعہ میں ہمیں ایک پاکستانی کے جاں بحق ہونے کی تصدیق ہوئی ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے کہا اس حوالے سے پاکستانی سفارتخانہ قطری حکام سے رابطے میں ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز قطر کے راس لفان گیس کمپلیکس میں دھماکے سے پاکستانی سمیت 15 افراد جاں بحق اور 66 زخمی ہو گئے۔

بقیہ 32

کے مطابق پاکستان درآمدی کوئلے کو مقامی تھر کوئلے سے بدل کر اگلے 26 سالوں میں 3.239 بلین ڈالر بچا سکے گا۔ اس تاریخی تبدیلی کا اطلاق جامشورو پاور پلانٹ یونٹ-01 پر کیا جائے گا، جو پاکستان کا انتہائی جدید (الٹرا سپر کریٹیکل) پاور پلانٹ ہے، جہاں درآمدی کوئلے کی جگہ 100 فیصد مقامی تھر لگنائٹ استعمال کی جائے گی۔ فزیبلٹی اسٹڈی کے مطابق یہ تبدیلی تکنیکی، معاشی اور ماحولیاتی طور پر مکمل طور پر قابل عمل ہے۔ اس تبدیلی سے صرف غیر ملکی زرمبادلہ میں 2.113 بلین ڈالر کی بچت ممکن ہوگی، جس سے پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر کو مضبوطی ملے گی اور درآمدی کوئلے کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ اور شرح مبادلہ کے خطرات سے نجات ملے گی۔ لاگت سے فائدہ کا تناسب 1.8x ہے جو کہ تمام صورتوں میں انتہائی سازگار ہے۔ اس منصوبے سے پاور سیکٹر کو خالص فائدہ 1.720 بلین ڈالر ہوگا، جن میں پیداواری لاگت میں 1.051 بلین ڈالر کی بچت اور تھر مائن کی توسیع سے 669 ملین ڈالر کے مزید فوائد شامل ہیں۔ حکومت کو غیر ملکی قرضوں پر سود کی لاگت میں 1.519 بلین ڈالر کی بچت ہوگی

بقیہ 33

منفی ایجنڈے ہیں وہ میرے بیان کو توڑ مروڑ کر پیش کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ لوگ مجھ سے کشمیر کو، پاکستان سے کشمیر کو یا پاکستان کو کشمیر سے جدا نہیں کر سکتے، ان کشمیریوں کی قربانیاں جنہوں نے اکتوبر 1947 میں ہجرت کر کے پاکستان کا رخ کیا، تاریخ میں درج ہیں۔ وزیر دفاع نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی قبضے کے خلاف کشمیریوں کی جدوجہد

گزشتہ 78 سال سے قربانیوں، شہادتوں اور جیلوں میں قید رہنے کی ایک طویل داستان ہے ، پاکستان کا کشمیر کے مقصد سے وابستگی کا ثبوت ہمارے شہداء کے خون میں موجود ہے جو 5 جنگوں میں بہایا گیا ، پاکستان کا کشمیر کے مقصد سے وابستگی کا ثبوت اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت اور ریفرنڈم کے اصولی مؤقف پر مبنی ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ آزاد کشمیر سے پاکستان کے خلاف اٹھنے والی بیرونی اور منفی ایجنڈے سے متاثر آوازوں کا سختی سے جواب دیا جانا چاہیے، کچھ کشمیری وہ ہیں جنہوں نے ہجرت کی قربانیاں دیں اور کچھ وہ ہیں جو آج بھی مقبوضہ کشمیر میں اس کی قیمت ادا کر رہے ہیں، پاکستان کے سپاہیوں کی حفاظت میں دہائیوں سے امن میں رہنے والے آزاد کشمیر کے لوگوں کو مقبوضہ کشمیر کے عوام اور مہاجرین کی قربانیوں کو تسلیم کرنا چاہیے۔

بقیہ 34

اپنے مقررہ راستوں پرنس روڈ، آرٹ اسکول روڈ، آرچر روڈ، لیاقت بازار، جنکشن چوک سے ہوتا ہوا میکانگی روڈ پر امام بارگاہ ناصر العزا پر اختتام پذیر ہو گیا جلوس کے شرکا سینہ کوبی اور نوحہ خوانی کرتے رہے جلوس کے راستے میں مختلف مقامات پر پانی، شربت، جوس اور لسی کی سبیلیں لگائی گئی تھیں، جلوس کی سیکورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے تھے، جلوس کے روٹ کے راستے بند اور دکانیں اور کاروباری مراکز سیل کر دیئے تھے جبکہ سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے بھی روٹ کی مانیٹرنگ کی گئی 7 ویں محرم الحرام کے موقع پر شہر میں موبائل فون سروس بارہ گھنٹے تک معطل رہی شہر میں دفعہ 144 کے تحت موٹر سائیکل کی ڈبل سواری پر پابندی عائد ہے۔

بقیہ 35

پورے خطے کے مستقبل کے لیے بھی غیر معمولی اہمیت رکھتے ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ پاکستان اور ایران جغرافیائی قربت، مذہبی و ثقافتی ہم آہنگی اور تاریخی رشتوں میں بندھے ہوئے ہیں، تاہم دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون ابھی تک اپنی حقیقی صلاحیت سے بہت کم ہے۔ صدر پزشکیان کے دورے سے تجارت، سرحدی روابط، سرمایہ کاری اور باہمی اقتصادی تعاون کے نئے مواقع پیدا ہونے کی توقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنی بڑھتی ہوئی توانائی ضروریات پوری کرنے کے لیے ایران کے وسیع گیس اور تیل کے ذخائر سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ پاک ایران گیس پائپ لائن منصوبہ توانائی کے شعبے میں دونوں ممالک کے درمیان سب سے اہم منصوبہ ہے۔ اس منصوبے کی تکمیل سے پاکستان کو کم لاگت پر گیس کی فراہمی ممکن ہو سکے گی، جس سے صنعتی پیداوار، بجلی کی پیداوار اور مجموعی معاشی سرگرمیوں میں نمایاں اضافہ ہوگا، جبکہ ایران کو ایک بڑی اور مستحکم توانائی منڈی میسر آئے گی

بقیہ 36

حکام، یورپی یونین، یونیسف، محکمہ تعلیم بلوچستان اور ترقیاتی شراکت دار اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری سکولز بلوچستان لعل جان جعفر نے کہا کہ یورپی یونین کی 17.4 ملین یورو کی مالی معاونت سے 2021 سے 2026 تک جاری رہنے والے پروگرام کے تحت بلوچستان بھر میں 7 لاکھ 60 ہزار سے زائد بچوں کو معیاری تعلیم، بہتر تدریسی ماحول اور سیکھنے کے مواقع فراہم کیے گئے۔ اس دوران تقریباً 3 لاکھ 35 ہزار طالبات نے بھی پروگرام سے استفادہ کیا، جس سے صوبے میں لڑکیوں کی تعلیم کے فروغ اور صنفی مساوات کے اہداف کو تقویت ملی۔ مہمان خصوصی صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے اپنے خطاب میں کہا کہ تعلیم بلوچستان کی پائیدار ترقی، سماجی استحکام اور خوشحالی کی بنیاد ہے

بقیہ 37

جائزہ لیا گیا ہے جو سات اکتوبر 2023 کے بعد سے فلسطینی بچوں کے خلاف ہوئیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ غزہ جنگ کے جاں بحق افراد میں سے 30 فیصد بچے تھے۔ ستمبر میں کمیشن کی ایک سابقہ رپورٹ سے پتا چلا تھا کہ اسرائیل نے غزہ میں نسل کشی کی اور یہ کہ وزیر اعظم بینجمن نیتن یاہو سمیت اعلیٰ اسرائیلی حکام نے ان کارروائیوں کیلئے اکسایا جبکہ اسرائیلی حکام نے ان الزامات کو ناگوار قرار دیا۔ جنیوا میں اسرائیل کے مشن نے کہا کہ اسرائیل نے کمیشن کی دوسری ہتک آمیز ایڈووکیسی رپورٹ مسترد کر دی۔ کمیشن نے ایک بیان میں کہا کہ اسرائیل اس توہین آمیز دھوکے کو مسترد کرتا ہے۔ ہر بچہ تحفظ کا مستحق ہے۔ ساتھ ہی اس بات پر زور دیا کہ رپورٹ میں حماس کے وحشیانہ ہتھکنڈے نظر انداز کر دیے گئے۔ اقوام متحدہ کمیشن نے کہا کہ فلسطینی بچوں کو جنگ کے دوران دانستہ نشانہ بنایا اور قتل کیا گیا جس میں اکتوبر 2025 میں جنگ بندی نافذ ہونے کے بعد کا وقت بھی شامل ہے۔ اس نے کہا کہ یہ غزہ میں فلسطینی گروپ کو مکمل یا جزوی طور پر تباہ کرنے کیلئے اسرائیلی حکام اور سیکیورٹی فورسز کی طرف سے نسل کشی کے ارادے کا ایک کلیدی عنصر تھا۔ کمیشن کے سربراہ سری نواسن مرلی دھرنے رپورٹ کے ساتھ ایک بیان میں کہا، شواہد سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسرائیلی سیکیورٹی فورسز نے فلسطینی بچوں کو دانستہ نشانہ بنایا اور ہلاک کیا۔

بقیہ 38

رہی ہے۔ بی ایم ای کی جانب سے خدمت کا یہ تسلسل آج بھی جاری ہے اور اس وقت پی پی ایل کے ہیڈ ذیشان اصغر کی قیادت میں ادارہ فلاحی کاموں کو مزید وسعت دے رہا ہے۔ اسی بھرپور روایت کے تسلسل میں بروز اتوار بی ایم ای کا 50 سالہ گولڈن جوبلی و لانگ سروس ایوارڈز کا پروگرام شاندار انداز میں منعقد ہوا۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جبکہ اسٹیج کے فرائض ڈاکٹر سیف زہری اور امداد مردوئی نے پیشہ ورانہ مہارت سے انجام دیے۔ تقریب میں یونین کے صدر عبدالغنی صاحب نے پرجوش خطاب کرتے ہوئے ادارے کے ملازمین کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا

بقیہ 39

مقام پر نامعلوم دہشت گردوں نے تخریب کاری کی غرض سے قومی شاہراہ این اے 65 پر ایک پل کے نیچے دھماکہ خیز مواد نصب کر رکھا تھا جو زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس سے پل کی دیواروں کو جزوی نقصان پہنچا تاہم خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے لیا اور روڈ کو کلیئر کرنے کے بعد ٹریفک کیلئے کھول دیا۔ پولیس مزید کارروائی کر رہی ہے۔

بقیہ 40

شرکت کی اس موقع پر متعلقہ حکام کی جانب سے مختلف منصوبوں پر جاری پیش رفت، درپیش چیلنجز اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے کہا کہ بلوچستان کی معیشت میں زراعت اور لائیو اسٹاک کے شعبوں کو بنیادی اہمیت حاصل ہے لہٰذا ان شعبوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے مارکیٹ انفراسٹرکچر کی ترقی ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا مقصد کسانوں تاجروں اور کاروباری طبقے کو جدید اور بہتر سہولیات فراہم کرنا ہے تاکہ زرعی پیداوار اور مویشیوں کی تجارت کو مزید فروغ دیا جاسکے

بقیہ 41

کرتے ہوئے سیکرٹری سکولز بلوچستان لعل جان جعفر نے کہا کہ یورپی یونین کی 17.4 ملین یورو کی مالی معاونت سے 2021 سے 2026 تک جاری رہنے والے پروگرام کے تحت بلوچستان بھر میں 7 لاکھ 60 ہزار سے زائد بچوں کو معیاری تعلیم، بہتر تدریسی ماحول اور سیکھنے کے مواقع فراہم کیے گئے۔ اس دوران تقریباً 3 لاکھ 35 ہزار طالبات نے بھی پروگرام سے استفادہ کیا، جس سے صوبے میں لڑکیوں کی تعلیم کے فروغ اور صنفی مساوات کے اہداف کو تقویت ملی۔ مہمان خصوصی صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے اپنے خطاب میں کہا کہ تعلیم بلوچستان کی پائیدار ترقی، سماجی استحکام اور خوشحالی کی بنیاد ہے۔ انہوں نے یورپی یونین اور یونیسف کی مسلسل معاونت کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس پروگرام نے نہ صرف بچوں کو تعلیم تک رسائی فراہم کی بلکہ تعلیمی نظام میں پائیدار اصلاحات کی راہ بھی ہموار کی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت بلوچستان صوبے کے ہر بچے، بالخصوص بچیوں، کو معیاری تعلیم کی فراہمی کیلئے اپنی کاوشیں جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق یورپی یونین اور یونیسف کے ساتھ ایک دہائی پر محیط شراکت

داری نے بلوچستان کے تعلیمی نظام کو مضبوط بنانے اور لاکھوں بچوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

بقیہ 42

میں جاری ترقیاتی منصوبوں سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 43

جانب سے یورپی یونین کے تعاون سے چلنے والے لائیو اسٹاک منصوبے کے منتخب اضلاع کے ضلعی لائیو اسٹاک افسران کیلئے ایک رابطہ اجلاس منعقد کیا گیا۔ اجلاس کی صدارت بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر طاہر رشید اور پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ بلوچستان کے پروونشل لیڈ اور پراجیکٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر عبدالرحمن خان نے کی۔ شرکاء کو منصوبے کے پس منظر، مقاصد، اہم سرگرمیوں اور متوقع نتائج کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی، جس کا مقصد 2022 کے سیلاب کے بعد لائیو اسٹاک کے شعبے کی بحالی اور اس کی مضبوطی کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 44

چیف انجینئر فیڈرل پراجیکٹس اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی اجلاس کے دوران جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت فنڈز کی دستیابی اور آئندہ مالی ضروریات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی شرکاء کو مختلف منصوبوں کی موجودہ صورتحال فنڈز کے اجراء اور درپیش چیلنجز سے بھی آگاہ کیا گیا سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ کے خصوصی ہدایات ہیں کہ نئے ترقیاتی منصوبوں کے ٹینڈرنگ عمل کو مقررہ وقت کے اندر مکمل کیا جائے تاکہ منصوبوں پر عملی کام جلد از جلد شروع کیا جا سکے انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ترقیاتی اسکیموں میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کرتے ہوئے شفافیت معیار اور بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے

بقیہ 45

عدم توجہی اور غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہر کے مختلف علاقوں میں سڑکوں کی خستہ حالی ترقیاتی منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر نکاسی؟ آب کے ناقص نظام اور صفائی ستھرائی کی ابتر صورتحال نے شہریوں کی مشکلات میں بے پناہ اضافہ کر دیا ہے۔ عوام روزمرہ زندگی میں شدید پریشانیوں کا سامنا کر رہے ہیں متعلقہ محکمے اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام دکھائی دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری دفاتر میں عوامی مسائل کے حل کیلئے بروقت اور مؤثر اقدامات کے بجائے بیوروکریسی کی سست روی رشوت ستانی اور بدعنوانی کی شکایات عام ہیں جسکے باعث عام شہری اپنے جائز حقوق کے حصول کیلئے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ عوام کی دادرسی اور مسائل کے ازالے کیلئے کوئی مؤثر نظام نظر نہیں آتا۔ انہوں نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ کے شہری مسائل کے حل کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنایا جائے ترقیاتی منصوبوں کو تیز رفتاری سے مکمل کر کے صفائی ستھرائی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو بہتر بنایا جائے تاکہ شہریوں کو درپیش مشکلات کا حقیقی معنوں میں ازالہ ہو سکے۔

بقیہ 46

، سول سوسائٹی اور شہریوں نے اپنے مسائل، شکایات اور تجاویز پیش کیں جنہیں باقاعدہ طور پر نوٹ کیا گیا۔ شرکاء نے بے روزگاری، چمن میں امن و امان کی صورتحال، نادرا سے متعلق مسائل، بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ اور دیگر عوامی مسائل کو اجاگر کیا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے بیرون ملک 500 بے روزگار نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کے پروگرام کو سراہا گیا اور مزید نوجوانوں کو بیرون ممالک روزگار کے مواقع فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے متعلقہ محکموں کے افسران کو عوامی شکایات کے فوری اور مؤثر حل کیلئے ضروری احکامات جاری کرتے ہوئے ہدایت دی کہ عوام کو درپیش مسائل کے ازالے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے حوالے سے عوامی سفارشات اور تجاویز متعلقہ حکام، بالخصوص وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری بلوچستان تک پہنچائی جائیں گی تاکہ مزید نوجوانوں کو روزگار کے مواقع میسر آسکیں۔ ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی مسائل کا بروقت حل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے

بقیہ 47

ہدایت پر گڈو بیراج کے اعلیٰ حکام سے رابطہ کر کے بلوچستان کے حصے کا اضافی 500 کیوسک پانی حاصل کیا گیا، جس کے بعد پٹ فیڈر کینال میں 5 ہزار کیوسک پانی جاری ہے۔ انہوں نے سندھ کے علاقے آر ڈی 109 پر پٹ فیڈر کینال میں پانی کی صورتحال کا جائزہ لینے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ آبپاشی بلوچستان اپنے کاشتکاروں کے حقوق کے تحفظ اور انہیں درپیش مشکلات کے ازالے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے اور ان کے جائز حقوق پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اس موقع پر سب ڈویژنل آفیسر حاجی امتیاز علی سومرو نے آر ڈی 109 تک پانی کی ترسیل کے عمل سے متعلق بریفنگ دی جبکہ داروغہ نبی بخش بلیدی اور علی احمد کھوسہ بھی موجود تھے۔ مدثر ظفر کھوسہ نے تمام افسران اور عملے کو ہدایت کی کہ پانی کی ترسیل کے نظام پر خصوصی توجہ دی جائے کیونکہ نصیر آباد ڈویژن میں پینے اور زرعی مقاصد کیلئے پانی کی اشد ضرورت ہے

بقیہ 48

موجودہ صورتحال، مقررہ مالی اہداف کے حصول، انتقالات (Mutations)، فردات کے اجراء، اراضی ریکارڈ کی درستگی، سرکاری واجبات کی وصولی، تجاوزات کے خاتمے اور زیر التواء ریونیو مقدمات کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ مختلف تحصیلوں کے افسران نے اپنے اپنے دائرہ کار سے متعلق کارکردگی رپورٹس پیش کیں جبکہ درپیش مسائل اور ان کے حل کیلئے تجاویز بھی پیش کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ریونیو نظام کی بہتری اور سرکاری محصولات کی بروقت وصولی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ قابل ٹیکس زرعی اراضی کی درست اور شفاف تشخیص کو یقینی بنایا جائے تاکہ حکومتی ریونیو میں اضافہ ہو اور ٹیکس نظام پر عوامی اعتماد مزید مستحکم ہو۔ انہوں نے ریونیو افسران کو تاکید کی کہ وہ وصولیوں کے عمل میں تیزی لائیں اور مقررہ اہداف کے حصول کیلئے فیلڈ سطح پر اپنی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنائیں۔ اجلاس میں حد بندی (Demarcation) کے مقدمات، سرکاری اراضی کے تحفظ، قبضہ مافیا کے خلاف جاری کارروائیوں، زیر التواء عدالتی مقدمات کے جلد تصفیے اور بورڈ آف ریونیو کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پر عملدرآمد کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ سرکاری اراضی پر ناجائز قبضوں کی نشاندہی اور ان کے خاتمے کیلئے مربوط حکمت عملی اپنائی جائے اور اس سلسلے میں باقاعدہ نگرانی کا نظام وضع کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو ریونیو خدمات کی فراہمی میں آسانی، شفافیت اور میرٹ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے

بقیہ 49

شعبہ ایجوکیشن کی چیئرپرسن ڈاکٹر مہناز اسلم اور ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز اعجاز احمد نے شرکت کی۔ اجلاس میں شعبہ ایجوکیشن کو مزید مستحکم کرنے، بی ایڈ پروگرام کی اپ گریڈیشن اور اسے عہد حاضر کے تقاضوں کے مطابق ڈھالنے کے لئے شروع کئے گئے اقدامات پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر نصاب کی ڈیجیٹلائزیشن اور جدید تدریسی طریقوں کو اپنانے کیلئے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے کہا کہ مستقبل کے اساتذہ کو عصر حاضر کے تقاضوں اور چیلنجز سے موثر انداز میں نمٹنے کے قابل بنانا ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے حصول کے لیے اساتذہ کی پیشہ ورانہ استعداد میں مزید اضافہ کیا جائے گا اور ٹیچر ایجوکیشن کے ساتھ ساتھ طلبہ کو کلاس روم مینجمنٹ، کیومیلیشن اسکلز، کمپیوٹر، جدید ڈیجیٹل مہارتوں اور آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے موثر استعمال کی تربیت فراہم کرنے کے عمل کو مزید بہتر بنایا جائے گا

بقیہ 50

ہمراہ جلوس کے انتظامات اور سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا جبکہ پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار جلوس کے دوران فرائض انجام دیتے رہے۔ ضلع انتظامیہ نصیر آباد کی جانب سے جلوس کے روٹس پر صفائی

ستھرائی اور دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا، جبکہ محکمہ صحت کی جانب سے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور ایمبولینس بھی جلوس کے ہمراہ موجود رہے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے فوری طور پر نمٹا جا سکے۔ انتظامیہ، پولیس اور متعلقہ محکموں کی مربوط کاوشوں کے باعث جلوس پرامن اور منظم انداز میں اختتام پذیر ہوا۔

بقیہ 51

ڈومیسائل کے حصول کیلئے درخواست گزاران ذاتی طور پر کمیٹی کے روبرو پیش ہوئے۔ کمیٹی نے امیدواروں کے قومی شناختی کارڈ، اصل دستاویزات اور دیگر متعلقہ ریکارڈ کا تفصیلی جائزہ لیا۔ مکمل جانچ پڑتال اور تصدیق کے بعد قواعد و ضوابط کے مطابق اہل امیدواروں کے کمپیوٹرائزڈ لوکل و ڈومیسائل کی منظوری دی گئی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بارکھان نے کہا کہ لوکل و ڈومیسائل کے اجراء کے عمل میں شفافیت، میرٹ اور قانونی تقاضوں کی مکمل پاسداری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے ہدایت دی کہ صرف مستحق اور اہل افراد کو مقررہ ضابطوں کے مطابق یہ سہولت فراہم کی جائے تاکہ عوام کا اعتماد برقرار رہے

بقیہ 52

موٹر سائیکل سواروں نے اندھا دھند فائرنگ کر کے خاتون سمیت 2 افراد کو ہلاک کر دیا اور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس نے بتایا کہ ہلاک ہونے والے دونوں کی عمریں 20 سے 22 سال کے درمیان ہیں۔ پولیس نے نعشیں قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد شناخت کیلئے ہسپتال کے مردہ خانے میں رکھ دیں اور مقدمہ درج کر کے نامعلوم ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔

بقیہ 53

غذائیت افزائی (Food Scale Large) (LSFF – Fortification) اور آیوڈائزڈ نمک کے استعمال کی اہمیت سے آگاہ کرنا تھا۔ زونل منیجر ڈاکٹر محمود خان نے شرکاء کو فورٹیفیکیشن پروگرام کے مختلف پہلوؤں سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ غذائی اجزاء سے بھرپور خوردنی تیل و گھی اور فورٹیفائیڈ آٹا انسانی صحت کے لیے انتہائی مفید ہیں۔ انہوں نے وضاحت کی کہ وٹامن اے، وٹامن ڈی، آئرن، زنک، فولک ایسڈ اور وٹامن بی 12 جیسے غذائی اجزاء کی فراہمی غذائی کمیوں کے خاتمے اور خصوصاً خواتین و بچوں کی بہتر صحت اور نشوونما میں معاون ثابت ہوتی ہے۔ انہوں نے آیوڈائزڈ نمک کے باقاعدہ استعمال کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ اس موقع پر محترمہ مشال پرویز خان اور پی پی ایم بلوچستان جناب سید خلیل احمد نے جینڈر اینڈ ایکویلیٹی (Gender& Equality) کے موضوع پر اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر مقبول احمد کاکڑ نے آن لائن سیشن لیا۔ سیشن میں صنفی مساوات، خواتین کی بااختیاری، مساوی مواقع اور صحت کے شعبے میں مثبت اور حساس رویوں کی اہمیت پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ شرکاء نے سیشن کے دوران فورٹیفائیڈ خوردنی تیل و گھی، فورٹیفائیڈ آٹے اور آیوڈائزڈ نمک کے استعمال کو عام کرنے اور کمیونٹی سطح پر عوام میں آگاہی بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔ انہوں نے اس قسم کی تربیتی اور آگاہی سرگرمیوں کو نہایت مفید قرار دیتے ہوئے مستقبل میں بھی ان کے انعقاد کی ضرورت پر زور دیا

بقیہ 54

کو فوری طور پر متاثرہ علاقے میں طبی ٹیم روانہ کرنے کی ہدایت کی ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر ڈاکٹر عبدالحمید لہڑی نے اپنی خصوصی نگرانی میں ماہر طبی عملے پر مشتمل ٹیم کو موضع کوڑاسک کے علاقوں چھڈ اور چھب بھیجا جہاں متاثرہ افراد کا طبی معائنہ، اسکریننگ اور ضروری ٹیسٹ کیے گئے۔ طبی ٹیم نے علاقے میں ہیپاٹائٹس کے مریضوں کا ڈیٹا اکٹھا کیا، بیماری کے پھیلاؤ کے ممکنہ اسباب کا جائزہ لیا اور ایک جامع رپورٹ مرتب کر کے محکمہ صحت بلوچستان کو ارسال کر دی ہے تاکہ مزید ضروری اقدامات اور وسائل کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے اہل علاقہ نے ہیپاٹائٹس جیسے خطرناک مرض کے حوالے سے بروقت نوٹس لینے پر ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر خضدار ڈاکٹر عبدالحمید لہڑی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کی فوری توجہ سے متاثرہ خاندانوں میں امید کی نئی کرن پیدا ہوئی ہے

بقیہ 55

کے دو خالی نشستوں پر دوبارہ انتخابات 09 اگست 2026 کو منعقد ہوں گے یم سی قلات کے وارڈ نمبر 13 شیشہ ڈغار یونین کونسل نچارہ امیری وارڈ نمبر 05 پر انتخابات ہوں گے ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسر ڈی سی قلات منیر احمد درانی نے حلف برداری کیا کمیشن عملے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انتخابی امیدوار اپنے کاغذات نامزدگی 01 جولائی سے 03 جولائی 2026 تک جمع کرا سکیں گے۔ ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر منیر احمد درانی نے کہا کہ کونسلران کے خالی نشستوں پر دوبارہ شفاف انتخابات کے انعقاد کے لیئے تمام ضروری انتظامات کر رہے ہیں پرامن اور غیر جانبدارانہ شفاف انتخابات کا انعقاد ہماری اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 56

ایس پی تمن علی سولنگی بابو اصغر رند بھی جلوس کے ہمراہ تھے عزاداروں نے اللہ ہو چوک پر زنجیر زنی کی اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ نے ساتویں محرم الحرام کے موقع پر سیکورٹی سمیت دیگر کیے گئے تمام انتظامات کا جائزہ لیا انہوں نے علامہ مشتاق حسین عمرانی سے بھی ملاقات کی اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ روٹ کی گزرگاہوں پر سخت چیکنگ کی جارہی ہے اس وقت سکیورٹی کے حوالے سے مختلف لنک روڈز کو بند کر دیا گیا ہے کسی کو بھی جلوس کے وقت یہاں سے گزرنے نہ دیا جائے تمام جوان خندہ پیشانی کے ساتھ اپنے فرائض منصبی سرانجام دیں چیف آفیسر سلیم خان ڈومکی کے احکامات پر میونسپل کمیٹی کی جانب سے روٹس کی صفائی ستھرائی کا عمل بھی مکمل کر لیا گیا فائر بریگیڈ اور ایمبولینس ساتویں محرم الحرام کے جلوس کے ساتھ ہمراہ رہے ساتویں محرم الحرام کے موقع پر ٹراما سینٹر میں ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کو بھی ہائی الرٹ رکھا گیا ہے۔

بقیہ 57

کرم خان روڈ پر ہوگی۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے، جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل نصیب فرمائے۔ آمین۔

بقیہ 58

قرار دیا گیا یوسف نامی شخص فتنہ الہندوستان کا خطرناک دہشت گرد نکلا، یوسف 2025ء میں فتنہ الہندوستان میں شامل ہوا، جس کا اعتراف خود تنظیم نے کیا، بعدازاں دہشت گرد 5 مارچ 2026ء کو پنجگور میں سیکیورٹی فورسز پر دہشت گردانہ حملے کے دوران ہلاک ہوا۔ مبصرین کے مطابق بی وائی سی جیسی تنظیمیں سرگرم دہشت گردوں کو مظلوم شہری بنا کر پیش کرتی ہیں تاکہ عالمی سطح پر ریاست پاکستان کو بدنام کیا جا سکے۔

بقیہ 59

ایک ماہ پر مستمل تربیتی کورس کے انتظامات، تدریسی سہولیات اور تکنیکی استعداد کار کا جائزہ لینا تھا۔ دورے کے دوران کالج انتظامیہ نے وفد کو تربیتی پروگرام کے نصاب، تدریسی طریقہ کار، جدید کمپیوٹر لیبارٹریز، تربیتی ماڈیولز اور دستیاب سہولیات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) محمد اسماعیل مینگل نے کہا کہ مصنوعی ذہانت اور جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی موجودہ دور کی اہم ضرورت ہیں اور سرکاری ملازمین کو جدید مہارتوں سے آراستہ کرنا بہتر عوامی خدمات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرے گا۔ اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ سرکاری اداروں میں ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال کو فروغ دینے کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے تاکہ دفتری امور میں شفافیت، رفتار اور کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جا سکے

بقیہ 60

کا سہارا بن چکی ہے کیونکہ اس مال مویشی منڈی میں روزگار کرنے کی وجہ سے کئی خاندانوں کے گھروں کے چولہے جل رہے ہیں اس بہترین عمل کو عوامی حلقوں نے سراہا ہے۔ جبکہ دور دراز کے علاقوں سے آنے والے بیوپاری نے بھی اس تاریخی مال مویشی منڈی کی رونق اور بہترین انتظامات کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ صحبت پور مال مویشی منڈی واقعی علاقے کی ترقی و خوشحالی، اور عوامی خدمت کی ایک شاندار علامت ہے

بقیہ 61

بلوچستان سید وسیم احمد جعفری نے حلف لیا۔ جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر الیکشنز بلوچستان نے کہا کہ لوکل

گورنمنٹ کے انتخابات کے پرامن، صاف و شفاف اور غیر جانبدارانہ انعقاد کیلئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے، انتخابات کا انعقاد ہم سب کی آئینی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ صاف اور شفاف انتخابات کے انعقاد کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ یاد رہے پولنگ 09 اگست 2026 کو ہوگی۔

بقیہ 62

تعمیل اور جاری انفورسمنٹ اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر محصولات میں مزید اضافے اور ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے کے مختلف اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔ اجلاس میں حب انڈسٹریل ایریا، لیڈا (LIEDA) اور دیگر صنعتی علاقوں میں قائم کمپنیوں کی رجسٹریشن، ٹیکس ادائیگی اور ریٹرن فائلنگ کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ بعض کمپنیوں کی جانب سے کم یا عدم ادائیگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو ریکارڈ کی جانچ پڑتال، واجبات کی وصولی اور قانونی تقاضوں کے مطابق ضروری کارروائی عمل میں لانے کی ہدایت کی گئی۔ چیئرمین نے ہدایت دی کہ لیڈا اور دیگر صنعتی زونز میں قائم کمپنیوں کا جامع سروے مکمل کیا جائے اور فعال، نئی قائم ہونے والی اور غیر فعال صنعتی یونٹس کی تفصیلی درجہ بندی تیار کی جائے۔ مزید برآں محصولات اور وصولیوں کی تفصیلی فہرست مرتب کرنے کیساتھ ساتھ غیر تعمیل کنندگان کے خلاف آئندہ انفورسمنٹ اقدامات کا جامع منصوبہ بھی پیش کیا جائے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ماربل سٹی میں متعدد کمپنیوں کی رجسٹریشن مکمل ہو چکی ہے جبکہ ٹیکس قوانین پر عملدرآمد اور واجبات کی وصولی کو یقینی بنانے کیلئے متعلقہ کمپنیوں کو نوٹسز جاری کیے جا چکے ہیں

بقیہ 63

اور چادر دیواری کی بے حرمتی اور املاک کے نقصانات جیسے اندوہناک واقعات پر مقامی انتظامیہ یا حکومت سندھ کے قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں نے اس گھمبیر اور کشیدہ صورتحال پر کوئی نوٹس نہیں لیا، بروہی برادری کے ایک وفد نے نیشنل پارٹی سندھ کے ترجمان کو صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے کہا اس تنازع کی ابتدا 28 جنوری 2026 کو ضلع دادو تعلقہ میہڑ پولیس اسٹیشن راڑھن کی حدود میں ایک مقامی میلے کے دوران پیش آنے والے ایک معمولی واقع سے ہوئی جہاں بروہی اور سولنگی برادریوں کے چند نوجوان کیدرمیان معمولی جھگڑے ہوا چند گھنٹوں بعدرات کے وقت سولنگی برادری کے کارو ماچھی گروپ سے تعلق رکھنے والے مسلح افراد نے بروہی برادری کے گھروں پر جدید اسلحے سے حملہ کر دیا فائرنگ کے تبادلے میں کارو ماچھی گروپ کا ایک شخص ہلاک ہوگیا اس واقعے کی ایف آئی آر متعلقہ تھانے میں درج ہوئی بروہی برادری کے افراد قانون کے سامنے پیش ہوئے تفتیش اور قانونی کاروائی میں مکمل تعاون کیا، اس واقعے کے بعد مقامی عمائدین، سماجی، سیاسی اور سول سوسائٹی کے رہنماؤں نے امن قائم کرنے کیلئے مصالحت اور مفاہمت کی کئی سنجیدہ کوششیں بھی کیں متاثرہ خاندانوں نے معاملہ باہمی رضا مندی سے حل کرنے پر آمادگی بھی ظاہر کی لیکن کارو ماچھی گروپ نے تمام پرامن کوششوں کو مسترد کیا

بقیہ 64

بلوچستان کے پروونشل لیڈ اور پراجیکٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر عبدالرحمن خان نے کی۔ شرکاء کو منصوبے کے پس منظر، مقاصد، اہم سرگرمیوں اور متوقع نتائج کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی، جس کا مقصد 2022 کے سیلاب کے بعد لائیو اسٹاک کے شعبے کی بحالی اور اس کی مضبوطی کو یقینی بنانا ہے۔ منصوبہ پائیدار لائیو اسٹاک پیداوار میں بہتری، موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ طریقوں کے فروغ، نوجوانوں اور خواتین کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے، اور بلوچستان میں لائیو اسٹاک کی ویلیو چین اور منڈی کے روابط کو مضبوط بنانے پر مرکوز ہے۔ ڈاکٹر طاہر رشید نے شرکاء کو خوش آمدید کہتے ہوئے بلوچستان کی معیشت میں لائیو اسٹاک کے شعبے کی اہمیت کو اجاگر کیا اور ترقیاتی شراکت داروں اور حکومتی اداروں کے درمیان مضبوط تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے حکومت بلوچستان، یورپی یونین اور پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ قدر میں اضافہ، ادارہ جاتی مضبوطی اور موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگی پائیدار ترقی کیلئے ضروری ہیں۔

بقیہ 65

ایک اہم پریس کانفرنس منعقد ہوئی جس میں سیاسی، سماجی، قبائلی اور صحافتی شخصیات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صلاح الدین چشتی نے صوبائی وزیر صنعت و تجارت بلوچستان چیف سردار کوہیار خان ڈومکی، سردار زادہ میر حیر بیار خان ڈومکی، سردار زادہ میر بجار خان ڈومکی اور نوجوان قبائلی رہنما سردار زادہ میر دینار خان ڈومکی کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات میں عوام کو ایسی قیادت کی ضرورت ہے جو نوجوانوں کی سرپرستی، عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہو۔

بقیہ 66

منتخب ہونے کے اعلان کے بعد پیپلز پارٹی کے کارکنوں کا جئے بھٹو کے نعرے اور انہیں پھولوں کے ہار پہنا کر مبارک دی اور ڈھول کے تاپ پر جھوم اٹھے تفصیلات کے مطابق چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب کی خالی نشست پر انتخاب کیلئے گزشتہ روز اسسٹنٹ کمشنر حب آفس میں الیکشن کا انعقاد کیا گیا جس میں پیپلز پارٹی اور اتحادی جماعتوں کے کونسلران نے شرکت کی اور بھوتانی عوامی کارواں کے کونسلران کی جانب سے الیکشن کے بائیکاٹ کیا گیا اور چیئرمین کے انتخاب میں حصہ نہیں لیا جس کے باعث پیپلز پارٹی کے نامزد اور نیشنل پارٹی، جام گروپ اور جمعیت کے مشترکہ امیدوار گل حسن محمد حسنی کے سامنے مقررہ وقت تک کسی نے کاغذات نامزدگی جمع نہیں کرایا جس کے بعد ریٹرننگ و پریزائڈنگ آفیسر سیف علی مغل نے گل حسن محمد حسنی کے بلامقابلہ چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب منتخب ہونے کا اعلان کر دیا گل حسن محمد حسنی کے چیئرمین منتخب ہونے کے اعلان ہوتے ہی پیپلز پارٹی کے جیالوں نے جئے بھٹو کے نعرے لگائے پیپلز پارٹی و اتحادی جماعتوں کے کونسلران اور پارٹی رہنماؤں و کارکنوں نے نومنتخب چیئرمین ایم سی حب کو پھولوں کے ہار پہنا کر مبارک دی اور جشن منایا گیا جبکہ کارکن ڈھول کے تاپ پر جھوم اٹھے اس موقع پر پیپلز پارٹی کے نومنتخب چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب گل حسن محمد حسنی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پیپلز پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر میر علی حسن زہری، وفاقی وزیر جام کمال خان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء وڈیرہ رجب علی رند اور جمعیت علماء اسلام کے مرکزی نائب امیر مولانا غلام قادر قاسمی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ جنہوں نے انکا سپورٹ کیا اور کونسلران نے بھی اعتماد کا اظہار کیا جن کی بدولت وہ آج بلا مقابلہ چیئرمین منتخب ہوئے انہوں نے کہا کہ جس طرح سے مجھ پر اعتماد کیا گیا ہے اُس پر پورا اترنے کی کوشش کروں گا

بقیہ 67

نفتالی بینٹ 2021 سے 2022 تک اسرائیل کے وزیر اعظم رہے، انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت جانے کے بعد وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو کی حکومت اس منصوبے کو مکمل طور پر آگے نہ بڑھا سکی۔ مقبوضہ بیت المقدس میں ایک پالیسی سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے نفتالی بینٹ نے کہا کہ انہوں نے اسٹار لنک کے دسیوں ہزار ریسیورز حاصل کرنے اور انہیں ایران میں اسمگل کرنے کا عمل شروع کیا تھا تاکہ انٹرنیٹ اور سوشل نیٹ ورکس کی دستیابی برقرار رکھی جا سکے۔ خیال رہے کہ ایران اس سے قبل اسرائیل اور امریکا پر الزام عائد کر چکا ہے کہ وہ اسٹار لنک ڈیوائسز کو اسمگل کر کے ایران کی سلامتی کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں۔

بقیہ 68

کہ نواسہ رسول حضرت امام حسینؑ اور ان کے رفقاء کی عظیم قربانی انسانیت کی معراج اور حق و سچائی کی سربلندی کا استعارہ ہے۔ آج کے پرفتن دور میں ہمیں امام عالی مقامؑ کے فلسفہ حیات پر عمل پیرا ہو کر معاشرے میں برداشت، مذہبی ہم آہنگی اور باہمی احترام کے جذبات کو فروغ دینے کی اشد ضرورت ہے۔ فیاض محمود شیخ نے مزید کہا کہ محرم الحرام کا تقدس بحال رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ اس مقدس مہینے میں اتحاد و یگانگت کا مظاہرہ کریں اور ملکی سلامتی و بقا کے لیے خصوصی دعائیں کریں۔

سیکریٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے فنڈ راور ٹینڈرنگ پروسیس کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بولان مائننگ انٹر پرائزز کو افسران نے خوشحالی وفلاح و بہبود کا مرکز بنا دیا ہے‘ ذیشان اصغر

پینے کے صاف پانی کی اسکیمات، تعلیم وصحت کی سہولیات، اسکالرشپس اور میڈیکل کیئر کی فراہمی بی ایم ای کی شناخت رہی ہے

خضدار (خ ن) 50 سالہ تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ بولان مائننگ انٹر پرائزز کو دور اندیش منیجمنٹ، عوام دوست انتظامیہ اور ہمدرد افسران نے خوشحالی وفلاح و بہبود کا مرکز بنا دیا ہے۔ جہاں سے ہمیشہ عوام الناس کے مسائل حل ہوتے رہے ہیں۔ پینے کے صاف پانی کی اسکیمات، تعلیم وصحت کی سہولیات، اسکالرشپس اور میڈیکل کیئر کی فراہمی بی ایم ای کی شناخت (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی قریب قومی شاہراہ پر پل کے نیچے نصب بم دھماکے سے پھٹ گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی قریب قومی شاہراہ پر پل کے نیچے نصب بم دھماکے سے پھٹ گیا جس سے پل کو جزوی نقصان پہنچا۔ پولیس کے مطابق منگل کو ڈیرہ مراد جمالی کے قریب دوست ہوٹل کے (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

ایرانی صدر کا دورہ پاکستان تعلقات میں نئے باب کا آغاز ہے، عبدالقادر

ایران کے صدر مسعود پزشکیان کا حالیہ دورہ پاکستان دونوں ہمسایہ برادر اسلامی ممالک کے تعلقات میں ایک نئے باب کا آغاز ہے

پاکستان اپنی بڑھتی ہوئی توانائی ضروریات پوری کرنے کے لیے ایران کے وسیع گیس اور تیل کے ذخائر سے فائدہ اٹھا سکتا ہے‘ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ ایران کے صدر مسعود پزشکیان کا حالیہ دورہ پاکستان دونوں ہمسایہ برادر اسلامی ممالک کے تعلقات میں ایک نئے باب کا آغاز ہے۔ یہ دورہ ایسے وقت میں ہوا ہے جب خطہ سیکیورٹی چیلنجز، توانائی کے بحران اور معاشی غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہے، لہٰذا اسلام آباد اور تہران کے درمیان اعلیٰ سطحی روابط نہ صرف دوطرفہ تعلقات بلکہ (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

زرعی انکم ٹیکس اور دیگر اہم ریونیو امور کے حوالے سے چھٹا جائزہ اجلاس

قابلِ ٹیکس زرعی اراضی کی درست اور شفاف تشخیص کو یقینی بنایا جائے‘ حسیب شجاع

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیر صدارت زرعی انکم ٹیکس (AIT) اور دیگر اہم ریونیو امور کے حوالے سے چھٹا جائزہ اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنرز، تحصیلداروں، نائب تحصیلداروں، گرداوروں اور متعلقہ ریونیو افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران زرعی انکم ٹیکس کی تشخیص، وصولیوں کی (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

مستقبل کے اساتذہ کو عصر حاضر کے تقاضوں اور چیلنجز سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے قابل بنانا ہماری اولین ترجیح ہے‘ ڈاکٹر گل حسن

تربت (این این آئی) یونیورسٹی آف تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن کی زیر صدارت وائس چانسلر سیکرٹریٹ میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں جامعہ تربت کے پرو وائس چانسلر ڈاکٹر کمال احمد، فیکلٹی آف سوشل سائنسز کے ڈین ڈاکٹر محمد طاہر حکیم، کوالٹی انہانسمنٹ سیل کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ریاض احمد، (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سی ایس ایس امتحانات میں نمایاں پوزیشن کی حامل بلوچستان کی ہونہار طالبہ ماہ نور بلوچستان کو سوینئر دے رہے ہیں

لورالائی‘ شہر بھر میں صفائی، نکاسی آب اور شجر کاری مہم بھرپور انداز میں جاری

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کے وژن "صاف ستھرا لورالائی" اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی لورالائی محبّ اللہ بلوچ کی ہدایات کی روشنی میں شہر بھر میں صفائی، نکاسی آب اور شجر کاری مہم بھرپور انداز میں جاری ہے۔ میونسپل کمیٹی لورالائی کا عملہ مختلف زونز اور محلوں میں صفائی ستھرائی کے کاموں میں مصروف ہے

مکران کوسٹل ہائی وے پر مسافر بسوں کی طویل قطاریں روزمرہ کا معمول بن گئیں

گوادر (این این آئی) گوادر میں منافع بخش ایرانی تیل مکران بھر کے مسافروں کیلئے کربناک اذیت بن گیا، مکران کوسٹل ہائی وے پر مسافر بسوں کی طویل قطاریں روزمرہ کا معمول بن گئیں جبکہ ایرانی تیل کی غیر قانونی ترسیل کی روک تھام میں ناکامی کا خمیازہ عام مسافروں کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔

ٹیچنگ ہسپتال لورالائی میں نیوٹریشن انٹرنیشنل کے زیر اہتمام آگاہی سیشن

غذائی اجزاء سے بھرپور خوردنی تیل وگھی اور فورٹیفائیڈ آٹا انسانی صحت کے لیے انتہائی مفید ہیں

لورالائی (خ ن + میاں محمد عامر بشیر آرائیں) ٹیچنگ ہسپتال لورالائی میں نیوٹریشن انٹرنیشنل کے زیر اہتمام آگاہی سیشن، فورٹیفائیڈ تیل، آٹے اور آیوڈائزڈ نمک کی اہمیت اجاگر، لورالائی میں لیڈی ہیلتھ سپروائزرز (LHSs) اور لیڈی ہیلتھ ورکرز (LHWs) کے لیے ایک روزہ آگاہی سیشن منعقد کیا گیا۔ سیشن کا مقصد شرکاء کو خوراکی تیل و گھی کی لازمی غذائیت افزائی (Mandatory Fortification Ghee/Oil Edible)، بڑے پیمانے پر (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

خضدار‘ ہیپاٹائٹس کے بڑھتے ہوئے کیسز اور اموات سے متعلق عوامی شکایات کا نوٹس

متاثرہ مریضوں کے علاج اور بیماری کی روک تھام کیلئے خصوصی پیکج کا اعلان کرے گا

خضدار (خ ن) سب ڈویژن نال کے موضع کوڑاسک (چھڈ اور چھب) میں ہیپاٹائٹس کے بڑھتے ہوئے کیسز اور اموات سے متعلق عوامی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر خضدار نے فوری کارروائی کی ہدایت جاری کر دی۔ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے صورتحال کی سنگینی کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر خضدار عبدالحمید لہڑی صاحب (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر خضدار ڈاکٹر الحمید لہڑی کی سربراہی میں طبی ٹیم سب ڈویژن نال موضع کوڑاسک میں ہیپاٹائٹس کے مریضوں کا معائنہ کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد نے ریٹنگ آفیسرز سے حلف لیا

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد نے ریٹنگ آفیسرز سے حلف لیا نصیر آباد: ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل نے ضلع میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں ریٹنگ آفیسر اور اسسٹنٹ ریٹنگ آفیسرز سے حلف لیا اس موقع پر اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر بھی موجود تھے جبکہ ڈپٹی کمشنر نے بطور ڈسٹرکٹ ریٹنگ آفیسر خود بھی حلف اٹھایا

کوئٹہ میں 7 ویں محرم الحرام کا علم تعزیوں اور ذوالجناح کا جلوس برآمد

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں 7 ویں محرم الحرام کا علم تعزیوں اور ذوالجناح کا جلوس برآمد ہوا جو اپنے مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا امام بارگاہ ناصر العزا پہنچ کر اختتام پذیر ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں 7 ویں محرم الحرام کا ماتمی جلوس امام بارگاہ کلاں ہزارہ سے برآمد ہوا جو (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

محمد اسحاق مینگل کراچی کے ایک نجی ہسپتال میں انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) سینئر صحافی و مقامی اخبار کے چیف ایڈیٹر محمد اسحاق مینگل کراچی کے ایک نجی ہسپتال میں انتقال کر گئے۔ مرحوم کی فاتحہ خوانی 25 جون بروز جمعرات کو لالا بادیزئی اسکیم، ارباب (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

نصیر آباد‘ پولیس کی جانب سے روٹس کی سرچنگ اور سویپنگ کا عمل مکمل کیا گیا

اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی نے ماتمی جلوس کے روٹس پر کیے گئے انتظامات کا جائزہ لیا

نصیر آباد (خ ن) ساتویں محرم الحرام کا سیج سید علی گوہر شاہ کے پڑ سے سخت سکیورٹی میں برآمد۔ اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ نے ماتمی جلوس کے روٹس پر کیے گئے انتظامات کا جائزہ لیا پولیس کی جانب سے روٹس کی سرچنگ اور سویپنگ کا عمل مکمل کیا گیا پولیس کی بھاری نفری روٹس پر تعینات گئی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز جمالی کی سربراہی میں ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل ٹیم اور ایمبولینس کے ہمراہ جلوس کے ساتھ رہے تحصیلدار معظم علی جتوئی ڈی (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

شرپسند بی وائی سی کا مسنگ پرسنز بیانیہ بے نقاب، لاپتا شخص فتنہ الہندوستان کا دہشت گرد نکلا

اسلام آباد (این این آئی) فتنہ الہندوستان کی حمایت یافتہ بلوچ یکجہتی کمیٹی (بی وائی سی) کا ریاست مخالف مسنگ پرسنز بیانیہ ایک بار پھر فلاپ ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق بی وائی سی کی جانب سے 17 اگست 2025 کو لاپتا (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

پروموشن کوٹہ کے تحت نائب تحصیلدار کی آسامیوں کیلئے تحریری ٹیسٹ اور انٹرویو کا انعقاد

محکمہ ریونیو میں ترقیوں کے عمل میں میرٹ کو اولین ترجیح دی جا رہی ہے

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی سربراہی میں ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل اور دیگر متعلقہ افسران کی نگرانی میں پروموشن کوٹہ کے تحت نائب تحصیلدار کی آسامیوں کیلئے تحریری ٹیسٹ اور انٹرویو کا انعقاد کیا گیا واضح رہے کہ نصیر آباد ڈویژن میں پروموشن کوٹہ کے تحت نائب تحصیلدار کی دو خالی آسامیوں کیلئے ڈویژن بھر سے پانچ سینئر کلرکس نے حصہ لیا تمام امیدواروں کے ٹیسٹ اور انٹرویوز نہایت شفاف، منصفانہ اور منظم انداز میں سخت نگرانی کے تحت مکمل کیے گئے تاکہ میرٹ کی بالادستی کو ہر صورت یقینی بنایا جا سکے

امجد حسین ایڈووکیٹ کا انتخاب جمہوری عمل کے تسلسل اور ادارہ جاتی استحکام کی ایک روشن مثال ہے، حیات خان اچکزئی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی رہنما حیات خان اچکزئی نے امجد حسین ایڈووکیٹ کو بلا مقابلہ وزیراعلیٰ گلگت بلتستان منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم کا بیوٹمز کالج لورالائی کا تفصیلی دورہ

ضلعی انتظامیہ سرکاری اداروں میں ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال کو فروغ دینے کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی محمد حسیب شجاع کی خصوصی ہدایات پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) محمد اسماعیل مینگل اور اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے بیوٹمز کالج لورالائی کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کا مقصد مصنوعی ذہانت (Artificial Intelligence) مینجمنٹ پروگرام کے تحت ضلع لورالائی کے مختلف سرکاری محکموں کے سپورٹنگ اسٹاف کیلئے مجوزہ (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

ضمنی بلدیاتی انتخابات 2026 کیلئے تعینات ڈی آر اوز کی آن لائن تقریب حلف برداری

کوئٹہ (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان کے شیڈول کے مطابق بلوچستان کے 20 اضلاع میں دوسرے ضمنی بلدیاتی انتخابات 2026 کے لئے تعینات ڈی آر اوز کی آن لائن تقریب حلف برداری منعقد ہوئی۔ ڈی آر اوز سے جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر الیکشنز (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

صحبت پور مال مویشی منڈی ترقی وخوشحالی، اور عوامی خدمت کی ایک شاندار علامت ہے‘ ایاز کھوسہ

مویشی منڈی صرف جانوروں کی خرید وفروخت کا مرکز نہیں بلکہ سینکڑوں محنت کش خاندانوں کے روزگار کا سہارا بن چکی ہے

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) ضلع صحبت پور میں ایک مخصوص کردہ جگہ پر صحبت پور مال مویشی منڈی ہر سوموار کو زیر نگرانی صحبت پور کی مشہور ومعروف سماجی شخصیت میر ایاز احمد خان کھوسہ لگائی جاتی ہے جبکہ روز بروز مال مویشی منڈی کامیابی کی نئی مثالیں قائم کر رہی ہے۔ یہ مویشی منڈی صرف جانوروں کی خرید وفروخت کا مرکز نہیں بلکہ سینکڑوں محنت کش خاندانوں کے روزگار (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

صحبت پور میں ایک مخصوص کردہ جگہ پر صحبت پور مال مویشی منڈی میں لوگ جانور خرید رہے ہیں

ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے ایک اہم اجلاس

بلوچستان کی معیشت میں زراعت اور لائیو اسٹاک کے شعبوں کو بنیادی اہمیت حاصل ہے

کوئٹہ (خ ن) سیکریٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان کی زیر صدارت صوبے بھر میں پھل وسبزی منڈیوں غلہ منڈیوں بس ٹرمینلز اور مویشی منڈیوں کی فعالیت اور ان میں سہولیات کی فراہمی سے متعلق جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں تمام چھ زونز کے چیف انجینئرز افسران کنسلٹنٹس اور دیگر متعلقہ حکام نے (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

بارکھان، ایس او رکھنی محمد یونس پولیس ٹیم کے ہمراہ چوری کے مقدمے میں مطلوب مفرور ملزم کی گرفتاری کے بعد میڈیا کو تفصیلات سے آگاہ کر رہے ہیں

کوئٹہ شہر بے شمار بنیادی اور دیرینہ مسائل سے دوچار ہے‘ مولانا عبدالرحمٰن رفیق

متعلقہ حکومتی ادارے مسائل کے مؤثر اور مستقل حل کے بجائے غفلت عدم توجہی اور غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، صفی اللہ مینگل، شاہ زاہد مشوانی اور دیگر نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر بے شمار بنیادی اور دیرینہ مسائل سے دوچار ہے متعلقہ حکومتی ادارے ان مسائل کے مؤثر اور مستقل حل کے بجائے غفلت (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

چمن‘ عوامی مسائل، شکایات کے ازالے اور عوامی تجاویز کے حصول کیلئے کھلی کچہری

عوام کو درپیش مسائل کے ازالے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر کمپلیکس میں کھلی کچہری، عوامی مسائل کے حل کیلئے احکامات جاری ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر کمپلیکس میں عوامی مسائل، شکایات کے ازالے اور عوامی تجاویز کے حصول کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں آرمی کے کرنل عثمان، مختلف سرکاری محکموں کے افسران، قبائلی عمائدین، تاجر برادری، نوجوانوں، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر قبائلی عمائدین، تاجروں (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر خان صوبے میں یونین دفاتر کی تعمیر کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تربت‘ اسلحہ لائسنس برانچ ڈیجیٹلائز، نادرا سے ریکارڈ لنک کرنے کا آغاز

ڈیجیٹلائزیشن کے بعد اسلحہ لائسنس سے متعلق تمام ریکارڈ کو نادرا کے ساتھ منسلک کیا جائے گا

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر آفس کیچ میں اسلحہ لائسنس برانچ ڈیجیٹلائز، نادرا سے ریکارڈ لنک کرنے کا آغاز کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر آفس کیچ میں اسلحہ لائسنس برانچ کو ڈیجیٹلائز کر دیا گیا ہے جس کا باقاعدہ افتتاح منگل کو ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے کیا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق ڈیجیٹلائزیشن کے بعد اسلحہ لائسنس سے متعلق تمام ریکارڈ کو نادرا کے ساتھ منسلک کیا جائے گا جہاں درخواست گزاروں کی تصدیق کے بعد ریکارڈ ہوم ڈیپارٹمنٹ کو ارسال کیا جائے گا۔

بھرتی کا عمل شفافیت اور میرٹ کی بنیاد پر مکمل کیا جائیگا‘ طاہر سنجرانی

منتخب امیدوار اپنی ذمہ داریاں ایمانداری اور لگن کے ساتھ ادا کریں گے اور عوامی خدمت کو اولین ترجیح دیں گے

دالبندین (خ ن) ڈپٹی کمشنر چاغی جہانزیب نور شاہوانی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر دالبندین طاہر خان سنجرانی نے محکمہ سماجی بہبود کی خالی اسامیوں کیلئے امیدواروں کے انٹرویوز لیے اس موقع پر ڈی ایس پی چاغی عابد شیر زئی بھی موجود تھے اس موقع پر امیدواروں سے ان کی قابلیت، تجربے اور کارکردگی کے بارے میں سوالات کیے گئے تاکہ بہترین اور اہل افراد کا انتخاب کیا جا سکے۔

اسرائیل کے غزہ کے بچوں کو نشانہ بنانے کے نتیجے میں نسل کشی ہوئی، اقوام متحدہ

فلسطینی بچوں کو جنگ کے دوران دانستہ نشانہ بنایا اور قتل کیا گیا جس میں اکتوبر 2025 میں جنگ بندی نافذ ہونے کے بعد کا وقت بھی شامل ہے

اسرائیلی فورسز نے فلسطینی بچوں کو جنگ کے دوران دانستہ نشانہ بنایا اور قتل کیا گیا، آزاد تفتیش کار

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی ایک آزاد تفتیش میں کہا گیا ہے کہ اسرائیلی حکام اور سکیورٹی فورسز نے فلسطینی بچوں کو دانستہ نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں نسل کشی، انسانیت کے خلاف جرائم، غزہ میں جنگی جرائم اور مقبوضہ مغربی کنارے میں جنگی جرائم واقع ہوئے۔ مشرقی یروشلم اور اسرائیل سمیت مقبوضہ فلسطینی علاقے کے بارے میں اقوام متحدہ کے آزاد بین الاقوامی کمیشن کی تحقیقاتی رپورٹ میں خلاف ورزیوں کا (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

گل حسن محمد حسنی بلا مقابلہ چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب منتخب

پیپلز پارٹی کے کارکنوں کا جئے بھٹو کے نعرے اور انہیں پھولوں کے ہار پہنا کر مبارک دی اور ڈھول کے تاپ پر جھوم اٹھے

حب (این این آئی) چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب کی خالی نشست پر الیکشن، پیپلز پارٹی کے نامزد اور اتحادی جماعتوں کا مشترکہ امیدوار گل حسن محمد حسنی بلا مقابلہ چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب منتخب ہو گئے، بھوتانی عوامی کارواں کے کونسلران کا الیکشن سے بائیکاٹ انتخاب میں حصہ نہیں لیا، ریٹرننگ آفیسر کی جانب سے گل حسن محمد حسنی کے بلا مقابلہ چیئرمین (بقیہ 66 صفحہ 3 پر)

خضدار بی ایم ای کی 50 سالہ گولڈ جوبلی اسپورٹس ایونٹ کے موقع پر آپریشن منیجر ندیم احمد سینئر آفیسر عبدالباقی ورکرز موقع پر تقسیم کر رہے ہیں

بی آر اے کا پرائیویٹ وِدہولڈنگ ایجنٹس اور صنعتی شعبے سے محصولات کی وصولی کا جائزہ

ٹیکس قوانین کے مؤثر نفاذ، شفافیت کے فروغ اور ٹیکس دہندگان کی سہولت کاری کیلئے اقدامات مزید تیز کیے جائیں گے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) میں چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی زیر صدارت پرائیویٹ وِدہولڈنگ ایجنٹس اور کنٹریکچول ایگزیکیوشن سے محصولات کی وصولی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ٹیلس محصولات، ٹیلس (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

حکومت سندھ، بروہی، سولنگی تنازعے کو فوری طور پر حل کرے، ترجمان نیشنل پارٹی

پانچ ماہ کے طویل عرصے سے جاری اس تنازعے میں اب تک کئی بیگناہ افراد کی جانیں ضائع ہو چکی ہیں

کراچی (این این آئی) نیشنل پارٹی سندھ کے ترجمان نے اندرون سندھ بڑھتے ہوئے قبائلی تنازعات اور ان تنازعوں میں ہونے والے جانی ومالی نقصانات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بروہی اور سولنگی قبائل کے درمیان تنازع جون 2026 سے جاری ہے پانچ ماہ کے طویل عرصے سے جاری اس تنازعے میں اب تک کئی بیگناہ افراد کی جانیں ضائع ہو چکی ہیں، فصلوں اور املاک کو سخت نقصان پہنچا ہے اب یہ تنازع مزید شدت اختیار کر گیا ہے۔ لیکن افسوس ناک صورت حال یہ ہے کہ انتظامیہ صیبجاری اس بدامنی قتل وغارت گری، چادر (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

تعلیم بلوچستان کی پائیدار ترقی، سماجی استحکام اور خوشحالی کی بنیاد ہے‘ راحیلہ درانی

مشترکہ کوششوں کے ذریعے ہر بچے تک معیاری تعلیم کی فراہمی کا ہدف حاصل کیا جا سکتا ہے‘ وزیر تعلیم

کوئٹہ (خ ن) یورپی یونین، حکومتِ بلوچستان اور یونیسف کے اشتراک سے جاری پانچ سالہ بلوچستان ایجوکیشن سپورٹ پروگرام (II-BES) کی کامیاب تکمیل کے موقع پر صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کی مہمانِ خصوصی صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی تھیں۔ بی ایس پی پروجیکٹ کی اختتامی تقریب میں سیکرٹری ایجوکیشن اسکولز لعل جان جعفر، اعلیٰ سرکاری حکام، یورپی یونین، یونیسف، محکمہ تعلیم بلوچستان اور ترقیاتی شراکت دار اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر تقریب کے شرکاء سے خطاب (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سے فوکل پرسن پرائم منسٹر یوتھ پروگرام چوہدری نعیم کریم کی ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے فوکل پرسن پرائم منسٹر یوتھ پروگرام و پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ملک اور صوبے کی سیاسی صورتحال، صوبے (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

ماچکے۔ٹھلیاں۔تاروجبہ وائٹ آئل پائپ لائن منصوبے کی منظوری

اسلام آباد (این این آئی) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل نے ماچکے۔ٹھلیاں۔تارو جبہ وائٹ آئل پائپ لائن منصوبے کی منظوری میں کامیاب کردار ادا کیا ہے، یہ اہم انفرااسٹرکچر منصوبہ پاکستان کی توانائی سلامتی، ایندھن کی ترسیل کے نظام میں بہتری اور قومی رابطہ کاری کو مزید مضبوط بنانے میں معاون ثابت ہوگا

ڈیرہ مراد جمالی کیسکو کی ریکوری مہم کے نام پر شہر کے کئی درجن ٹرانسفارمر بند کر دیے گئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کیسکو کی ریکوری مہم کے نام پر شہر کے کئی درجن ٹرانسفارمر بند کر دیے گئے شدید گرمی سے شہری چیخ اٹھے عوام کا برا حال بجلی کی بندش سے پانی کا شدید بحران شہری رل گئے

اوستہ محمد‘ نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے خاتون سمیت 2 افراد جاں بحق

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) اوستہ محمد میں نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے خاتون سمیت 2 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق اوستہ محمد سٹی پولیس تھانے کی حدود کھوکھر لاڑو کے مقام پر نامعلوم مسلح (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

اسسٹنٹ کمشنر آفس بارکھان میں کمپیوٹرائزڈ لوکل و ڈومیسائل کمیٹی کا اجلاس

بارکھان (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر وچیئرمین لوکل و ڈومیسائل کمیٹی بارکھان کی زیر صدارت اسسٹنٹ کمشنر آفس بارکھان میں کمپیوٹرائزڈ لوکل و ڈومیسائل کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں کمیٹی کے تمام اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران کمپیوٹرائزڈ لوکل و (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

سابق اسرائیلی وزیراعظم نے ایران میں حکومت مخالف مظاہرین کی مدد کیلئے اسٹارلنک ڈیوائسز کی اسمگلنگ کا اعتراف کر لیا

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل کے سابق وزیر اعظم نفتالی بینیٹ نے تسلیم کیا ہے کہ ان کے دور حکومت میں اسرائیل نے ایران میں حکومت مخالف مظاہرین کی مدد کے لیے اسٹارلنک انٹرنیٹ ریسیورز اسمگل کیے تھے۔ (بقیہ 67 صفحہ 3 پر)

تمام ڈسٹرکٹ میں فیملی پلاننگ سے متعلق سامان کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے، عبدالباسط

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی سیکرٹری پی ڈبلیو ڈی عبدالباسط، ڈی جی پی ڈبلیو ڈی غلام مصطفیٰ، یو این ایف پی اے کی پروانشل کوارڈی نیٹر سعدیہ عطاء نے کہا ہے کہ ملک اور خاص کر بلوچستان میں بڑھتی ہوئی آبادی کو روکنے کیلئے علماء کرام سمیت تمام مکاتب فکر اور اسٹیک ہولڈرز کو ملکر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر انڈسٹریز سردار میر کوہیار خان ڈومکی ملاقات کر رہے ہیں

سیلاب کے بعد بحالی اور لائیو اسٹاک کے شعبے کی مضبوطی کے منصوبے کے تحت کی جا رہی ہیں‘ ڈاکٹر طاہر رشید

2022 کے سیلاب کے بعد لائیو اسٹاک کے شعبے کی بحالی اور اس کی مضبوطی کو یقینی بنانا ہے

کوئٹہ (خ ن) محکمہ لائیو اسٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ، حکومت بلوچستان کے ضلعی لائیو اسٹاک افسران (ڈی ایل اوز) نے یورپی یونین، پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ اور بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کی جانب سے لائیو اسٹاک کے شعبے کو مضبوط بنانے کیلئے کی جانے والی کوششوں کو سراہا ہے، جو کہ سیلاب کے بعد بحالی اور لائیو اسٹاک کے شعبے کی مضبوطی کے منصوبے کے تحت کی جا رہی ہیں۔ پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ اور بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کی (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

ترقیاتی منصوبوں فنڈز کی فراہمی اور نئے منصوبوں کے ٹینڈرنگ عمل کا جائزہ لینے کیلئے اہم اجلاس

عوامی فلاح وبہبود اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کیلئے جاری اور نئے ترقیاتی منصوبوں پر تیز رفتاری سے کام کیا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بلوچستان بابر خان کی زیر صدارت ترقیاتی منصوبوں فنڈز کی فراہمی اور نئے منصوبوں کے ٹینڈرنگ عمل کا جائزہ لینے کیلئے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبے کے تمام چھ زونز کے چیف انجینئرز متعلقہ افسران (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں 7 لاکھ 60 ہزار بچوں کو معیاری تعلیم، بہتر تدریسی ماحول فراہم کیا گیا، راحیلہ درانی

یورپی یونین کے تعاون سے چلنے والے پروگرام کے تحت بلوچستان میں 7 لاکھ 60 ہزار بچوں کو معیاری تعلیم، بہتر تدریسی ماحول فراہم کیا گیا ہے

حکومت بلوچستان صوبے کے ہر بچے، بالخصوص بچیوں، کو معیاری تعلیم کی فراہمی کیلئے اپنی کاوشیں جاری رکھے گی‘ صوبائی وزیر تعلیم

کوئٹہ (این این آئی) یورپی یونین، حکومتِ بلوچستان اور یونیسف کے اشتراک سے جاری پانچ سالہ بلوچستان ایجوکیشن سپورٹ پروگرام (II-BES) کی کامیاب تکمیل کے موقع پر صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کی مہمانِ خصوصی صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی تھیں۔ بی ایس پی پروجیکٹ کی اختتامی تقریب میں سیکرٹری ایجوکیشن اسکولز لعل جان جعفر، اعلیٰ سرکاری (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے کاشتکاروں کو ان کے جائز حصے کا پانی فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں‘ مدثر ظفر کھوسہ

گڈو بیراج سے پٹ فیڈر کینال میں مزید پانی کے حصول کو یقینی بنایا گیا ہے

نصیر آباد (خ ن) سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن سرکل نصیر آباد ڈویژن مدثر ظفر کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے کاشتکاروں کو ان کے جائز حصے کا پانی فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں اور گڈو بیراج سے پٹ فیڈر کینال میں مزید پانی کے حصول کو یقینی بنایا گیا ہے۔ گزشتہ روز صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی اور صوبائی سیکرٹری آبپاشی سہیل الرحمان بلوچ کی (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

حسن محمد ظریف گولہ نے جلوس کے انتظامات اور سیکیورٹی صورتحال کا جائزہ

پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار جلوس کے دوران فرائض انجام دیتے رہے

نصیر آباد (خ ن) ضلع نصیر آباد کے نواحی علاقے گوٹھ حمید آباد، تحصیل میر حسن کھوسہ میں ساتویں محرم الحرام کے موقع پر روایتی ماتمی جلوس امام بارگاہ درِ علم عباس سے برآمد ہوا جو اپنے مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا پُرامن ماحول میں خیر و عافیت کے ساتھ اختتام پذیر ہوگیا۔ اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ کی ہدایات پر تحصیلدار میر حسن محمد ظریف گولہ نے صدورا خان ابڑو کے (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

قلات‘ کونسلران کی دونشستوں پر ضمنی انتخابات کے انعقاد کیلئے انتخابی شیڈول کا اجراء

کونسلران کے خالی نشستوں پر دوبارہ شفاف انتخابات کے انعقاد کے لیئے تمام ضروری انتظامات کر رہے ہیں

قلات (خ ن) الیکشن کمیشن بلوچستان کی جانب سے ضلع قلات میں کونسلران کی دونشستوں پر ضمنی انتخابات کے انعقاد کیلئے انتخابی شیڈول کا اجراء کر دیا گیا ہے صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان کی جانب ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی کی بطور ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسر آن لائن حلف برداری لی گئی حلف برداری کے موقع پر ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر محمد اسماعیل اسسٹنٹ الیکشن آفس صدام حسین ودیگر انتظامی افسران موجود تھے الیکشن کمیشن کے جاری کردہ شیڈول کیمطابق ضلع قلات میں کونسلران (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

نصیر آباد، ڈپٹی کمشنر نصیر آباد، وریندر لعل ودیگر ممبران ڈیپارٹمنٹل کوٹہ کے تحت نائب تحصیلدار کے ٹیسٹ کی نگرانی کر رہے ہیں

ماہِ محرم ہمیں صبر، استقامت، امن، محبت اور اخوت و بھائی چارے کا درس دیتا ہے‘ فیاض محمود شیخ

نواسہ رسول حضرت امام حسینؑ اور ان کے رفقاء کی عظیم قربانی انسانیت کی معراج اور حق وسچائی کی سربلندی کا استعارہ ہے

شکارپور (رپورٹ/شاہد گولہ) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور چیئرمین میونسپل کمیٹی شکارپور فیاض محمود شیخ نے محرم الحرام کے مہینے کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ ماہِ محرم ہمیں صبر، استقامت، امن، محبت اور اخوت و بھائی چارے کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے کہا (بقیہ 68 صفحہ 3 پر)

بجٹ ملک کے کروڑوں عوام کی توقعات پر پورا اترنے میں ناکام رہا ہے، ڈاکٹر قاسم بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان غریبوں پارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر قاسم بلوچ نے وفاقی بجٹ اور صوبائی بجٹ کو مکمل طور پر مسترد کرتے ہوئے اسے عوام، ملازمین، محنت کشوں، کسانوں اور متوسط طبقے کے مفادات کے خلاف قرار دیا ہے۔

بلوچستان میں لائیو اسٹاک کی ویلیو چین اور منڈی کے روابط کو مضبوط بنانے پر مرکوز ہے‘ ڈاکٹر طاہر رشید

سیلاب کے بعد بحالی اور لائیو اسٹاک کے شعبے کی مضبوطی کے منصوبے کے تحت کیے جانے والے اقدامات قابل تحسین ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ اور بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کی جانب سے یورپی یونین کے تعاون سے چلنے والے لائیو اسٹاک منصوبے کے منتخب اضلاع کے ضلعی لائیو اسٹاک افسران کیلئے ایک رابطہ اجلاس منعقد کیا گیا۔ اجلاس کی صدارت بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر طاہر رشید اور پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

صلاح الدین چشتی اور اقوام جاموٹ کے نوجوانوں کی سبی لہڑی اتحاد میں شمولیت

ڈومکی قیادت نے ہمیشہ نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کی ہے اور عوامی خدمت کو اپنی سیاست کا محور بنایا ہے

سبی (نامہ نگار) جاموٹ یوتھ بلوچستان ضلع سبی کے صدر صلاح الدین چشتی نے اپنے ساتھیوں اور اقوام جاموٹ کے نوجوانوں سمیت سبی لہڑی اتحاد میں شمولیت کا باضابطہ اعلان کر دیا۔ اس سلسلے میں انارکلی مارکیٹ میں واقع جاموٹ یوتھ بلوچستان کے ضلعی دفتر میں (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

سردار زادہ میر دینار خان ڈومکی اور میر بجار خان ڈومکی کی قیادت میں جاموٹ یوتھ بلوچستان سبی کے صدر صلاح الدین نے اپنے ساتھیوں سمیت سبی لہڑی اتحاد میں شمولیت اختیار کر لی